★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | جمعۃ المبارک 22 ربیع الاول 1445ھ 27 ستمبر 2024ء 11 اسوج 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 346

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

مخصوص نشستوں کا معاملہ الیکشن کمیشن کا وضاحت کیلئے دوبارہ سپریم کورٹ سے رجوع

الیکشن ترمیمی ایکٹ آنے کے بعد عدالتی فیصلے پر رہنمائی کی جائے، 12 جولائی کے مختصر فیصلے پر جب وضاحت مانگی گئی تھی تب نیا ایکٹ موجود نہیں تھا

پارلیمنٹ نے الیکشن ترمیمی ایکٹ کی صورت میں اب قانون بنا دیا ہے، بتایا جائے پارلیمنٹ کے قانون پر عملدرآمد کریں یا سپریم کورٹ کے فیصلے پر، درخواست

اسلام آباد (نیٹرک ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کو مخصوص نشستیں دینے کے معاملے پر الیکشن کمیشن نے وضاحت کیلئے ایک بار پھر سپریم کورٹ سے رجوع کر لیا۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے سپریم کورٹ میں دائر درخواست بارے اعلامیہ جاری کر دیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق سپریم کورٹ میں دائر درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ الیکشن ترمیمی ایکٹ کے فیصلے پر ابہام ہے، سپریم کورٹ سے رجوع کیا گیا ہے، الیکشن کمیشن کو فیصلے پر عملدرآمد میں مشکلات کا سامنا ہے، سپریم کورٹ سے رہنمائی کی جائے۔

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 1



نیویارک، وزیراعظم شہباز شریف سے بل گیٹس ملاقات کر رہے ہیں

جسٹس یحییٰ آفریدی کی معذرت پر جسٹس امین الدین خان کو جوڈیشل کمیشن میں شامل کیا گیا

چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے سپریم کورٹ کے سینئر ترین جج جسٹس منصور علی شاہ کے خط کا جواب دے دیا، خط میں جسٹس منصور علی شاہ نے چیف جسٹس اینڈ سپریم جیوڈیشل اجلاس میں

باقی صفحہ 2 جدید نمبر 2

نوابزادہ نصر اللہ خان کو دنیا سے رخصت ہوئے 21 برس بیت گئے

1916ء میں خانگڑھ میں پیدائش، 1930ء کی دہائی میں عملی اور سیاسی زندگی کا آغاز کیا

خان گڑھ (این این آئی) بابائے جمہوریت نوابزادہ نصر اللہ خان کو دنیا سے رخصت ہوئے 21 برس بیت گئے۔ پاکستان میں جمہوریت کے لیے کی جانے والی جدوجہد اگر بات کی جائے تو نوابزادہ نصر اللہ خان کا نام سب سے نمایاں شمار کیا

باقی صفحہ 7 جدید نمبر 3

اسلام آباد ہائیکورٹ نے ایم ڈی سی کیٹ کے نتائج جاری کرنے کی مشروط اجازت دے دی

اسلام آباد ہائیکورٹ میں پی ایم ڈی سی فیٹی کا نوٹیفکیشن طلب، 2 طلبہ نمائندوں کو شامل کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے شہید ذوالفقار علی بھٹو یونیورسٹی کی میڈیکل ایڈمشن ٹیسٹ (ایم ڈی کیٹ) کے نتائج جاری کرنے کی اجازت دے دی، جسٹس ارباب محمد طاہر نے ریمارکس دیے کہ ایم ڈی کیٹ کے نتائج عدالت کے حتمی آرڈر سے مشروط ہوگا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس ارباب محمد طاہر نے آؤٹ آف سلیبس سوالات آنے پر ایم ڈی کیٹ کا میڈیکل ایڈمشن ٹیسٹ 2 طلبہ نمائندوں کو شامل کرنے کی ہدایت کی، طلبہ کے وکیل نے مؤقف اپنایا کہ ایم ڈی کیٹ کے نتائج کو چیلنج کیا گیا ہے، عدالت کے حتمی آرڈر سے مشروط ہوگا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس ارباب محمد طاہر نے آؤٹ آف سلیبس سوالات آنے پر ایم ڈی کیٹ کا نتائج جاری کرنے کی اجازت دے دی، جسٹس ارباب محمد طاہر نے ریمارکس دیے کہ ایم ڈی کیٹ کے نتائج عدالت کے حتمی آرڈر سے مشروط ہوگا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے شہید ذوالفقار علی بھٹو یونیورسٹی کی میڈیکل ایڈمشن ٹیسٹ (ایم ڈی کیٹ) کے

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

وزیر تعلیم پنجاب کا دونوں بازوؤں سے معذور طالبہ کو ایکٹر کا رشپ دینے کا اعلان

طالبہ میش عزیز نے وزیر تعلیم کو اپنے پاؤں کی مدد سے بنائی گئی پینٹنگز پیش کیں تو گری پلاٹ کا بھی اعلان

لاہور (این این آئی) وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے دونوں بازوؤں سے معذور طالبہ کو مور بلیغ کی نمائش پر اسکالرشپ دینے کا اعلان کر دیا۔ صوبائی وزیر تعلیم سے معذور طالبہ میش عزیزی کی ملاقات ہوئی جس میں طالبہ نے وزیر تعلیم کو اپنے پاؤں کی مدد سے بنائی گئی پینٹنگز پیش کیں۔ رانا سکندر حیات نے طالبہ کی ہمت کی داد دی۔ جسمر گاؤں کی طالبہ میش عزیز 4 سال کی عمر میں کرنٹ لگنے کی وجہ سے دونوں بازوؤں سے محروم ہو گئی تھی جس کے بعد تمام تعلیم پاؤں کی مدد سے لکھ کر حاصل کی۔ رانا سکندر حیات کا کہنا تھا کہ میش عزیز جیسی طالبات کی سرپرستی اور حوصلہ افزائی ہماری ذمہ داری ہے۔ وزیر تعلیم نے معذور طالبہ کو اپنی جیب سے 50 ہزار روپے یقینی پرائز بھی دیا جبکہ صوبائی وزیر نے میش عزیز کو سرکاری نوکری دلوانے اور ذاتی طور پر 3 مرلہ کا پلاٹ گفٹ کرنے کا بھی اعلان کیا۔

محکمہ وائلڈ لائف کی جانب سے غیر قانونی شکار، پرندوں کی تجارت کے خلاف کومبنگ آپریشن جاری

لاہور (این این آئی) محکمہ وائلڈ لائف پنجاب کی جانب سے وزیر اعلیٰ پنجاب اور سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کی ہدایت پر غیر قانونی شکار اور پرندوں کی تجارت کے خلاف ایک موثر کومبنگ آپریشن جاری ہے۔ ڈی جی وائلڈ لائف مڈر ریاض ملک کی سربراہی میں فیلڈ مارکیٹ میں ایک بڑا آپریشن کیا گیا، جس میں ضلعی انتظامیہ لاہور اور حفاظی پولیس کی ٹیموں نے بھی حصہ لیا۔ لاہور ہائی کورٹ کے حکم پر کیے جانے والے اس آپریشن کے دوران غیر قانونی ڈکانداروں، جو لائسنس ہولڈر نہیں تھے، کی دکانوں سے سینکڑوں پرندے برآمد کیے گئے۔ ان پرندوں میں طوطے، چڑیاں طوطے، تیتر، قاذ اور مور شامل ہیں۔ آپریشن کے دوران 9 دکانداروں کو حراست میں لیا گیا اور ان کی دکانیں سیل کر دی گئیں۔ ڈی جی وائلڈ لائف اے ظہیر فاروق نے کہا کہ محکمہ وائلڈ لائف کی ٹیموں نے ٹیپا الفنسٹن اور ڈی ایل ڈی اے ظہیر فاروق وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق ٹیپا الفنسٹن سکواڈ کی طرز پر ٹیپا انفورسمنٹ سکواڈ بھی اپ گریڈ کر دیا گیا۔ کمشنر لاہور زید بن مقصود نے ڈی جی ڈی ایل ڈی اے ظہیر فاروق کے ہمراہ ٹیپا آفس کا دورہ کیا اور عملے میں بائیکس تقسیم کیں۔ چیف آفیسر ٹیپا افراز حسین نے ٹیپا انفورسمنٹ فورس کی آپ گریڈیشن بارے بریفنگ دی۔ ایل ڈی اے انفورسمنٹ سکواڈ کی طرز پر ٹیپا انفورسمنٹ سکواڈ کو اپ گریڈ کیا گیا ہے۔ انفورسمنٹ سکواڈ کو یونیفارم اور فیلڈ مانیٹرنگ کے لیے بائیکس دی گئی ہیں۔ لاہور شہر میں غیر قانونی سائن بورڈ بنانے کی ٹیپا کی خصوصی مہم جاری ہے۔ ٹیپا ٹریفک جام اور سوگ کا باعث بننے والے مصروف آپریشنل کی بھرتی کے لیے اقدامات کر رہا ہے۔ پہلے مرحلے میں خالی چوک، کھوکھر چوک کالج روڈ اور لبرٹی چوک سبز زاری بیٹ میں بہتری لائی جائے گی۔ ٹیپا پیدل چلنے والوں کی سہولت کے لیے صوبائی دارالحکومت میں پہلا مکمل سگنل بھی جلد لگائے گی۔ پہلے مرحلے میں مال روڈ فیصل چوک پر پہلا مکمل سگنل جلد لگایا جائے گا۔ کمشنر لاہور زید بن مقصود نے انفورسمنٹ سکواڈ کے عملے میں بائیکس کی چابیاں تقسیم کیں۔ ڈی ڈی ایل ڈی اے ظاہر فاروق اور چیف آفیسر ٹیپا افراز حسین نے بھی عملے میں چابیاں تقسیم کیں۔ کمشنر لاہور زید بن مقصود نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے مطابق ٹیپا انفورسمنٹ سکواڈ کو اپ گریڈ کیا گیا ہے۔ انفورسمنٹ سکواڈ کی ٹیپا کی خصوصی ٹیم کی فراہمی کے لیے ڈی ایل ڈی اے کے افسران سے ملاقات شیڈول کی گئی ہے۔ چیف آفیسر ٹیپا نے کہا کہ انفورسمنٹ سکواڈ کی ٹیپا کی خصوصی ٹیم کی فراہمی کے لیے ڈی ایل ڈی اے کے افسران سے ملاقات شیڈول کی گئی ہے۔ چیف آفیسر ٹیپا نے کہا کہ انفورسمنٹ سکواڈ کی ٹیپا کی خصوصی ٹیم کی فراہمی کے لیے ڈی ایل ڈی اے کے افسران سے ملاقات شیڈول کی گئی ہے۔



کمشنر لاہور زید بن مقصود و ڈی جی ڈی ایل ڈی اے ظاہر فاروق وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق ٹیپا انفورسمنٹ سکواڈ اپ گریڈ کرتے ہوئے عملے میں بائیکس تقسیم کر رہے ہیں

صوبائی دارالحکومت میں انفورسمنٹ بہتر کر رہے ہیں، سکواڈ کو اپ گریڈ کرنے سے ٹیپا کی ورکنگ میں بہتری آئے گی، کمشنر لاہور زید بن مقصود

وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق ٹیپا انفورسمنٹ سکواڈ اپ گریڈ کر دیا گیا، کمشنر لاہور اور ڈی جی ایل ڈی اے نے عملے میں بائیکس تقسیم کیں

سکواڈ کو اپ گریڈ کرنے سے پارکنگ قوانین پر عملدرآمد اور تجاوزات کے خاتمے میں مدد ملے گی، ڈی جی ایل ڈی اے ظاہر فاروق



چوہدری شافع حسین کا دورہ گجرات، مختلف ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کیا

سابق سٹی ناظم گجرات سے ترقیاتی منصوبوں میں کمشن لینے رہے، صوبائی وزیر صنعت و تجارت

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے دورہ گجرات کے تیسرے روز مختلف ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کیا۔ صوبائی وزیر نے سبزی منڈی اور شیخ سکھا کے علاقوں میں واٹر فلٹریشن پلانٹس کا افتتاح کیا اور واٹر فلٹریشن پلانٹ کی مشینری کا معائنہ کیا۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو سہولتوں کی فراہمی کیلئے ہر طرح کے وسائل حاضر ہیں۔ سابق حکمران ٹھیلیداروں سے ترقیاتی منصوبوں میں کمیشن لیتے رہے، جس سے انفراسٹرکچر تباہ ہوا۔ ہم عملی طریقے سے ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل یقینی بنا رہے ہیں۔ گجرات کے تمام شہریوں کو پینے کے صاف پانی کے 200 پلانٹس کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت نے گجرات کے 200 بستروں پر مشتمل نیا ہسپتال بنانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ گجرات میں 1200 بستروں پر مشتمل چوہدری شجاعت حسین ہسپتال بنانے کی منظوری دے چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گجرات کے کامیاب کی ترقی کیلئے متعدد منصوبے لائے ہیں۔ سابق وزیر اعظم چوہدری شجاعت حسین کی قیادت میں گجرات کو ترقی کے لحاظ سے مثالی شہر بنائیں گے۔ چوہدری شافع حسین نے سابق دور کو اقتدار کو ترقی کے عوامی خدمت کے جذبے کو سراہا۔ واضح رہے کہ رشید شیخ 3 ڈینٹل پلانٹس شہر میں 200 واٹر فلٹریشن پلانٹس لگائیں گے۔

وزیر صنعت وتجارت پنجاب چوہدری شافع حسین گجرات میں ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کر رہے ہیں

لاہور: خاتون سے اجتماعی زیادتی کرنے والے تینوں ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے کاہنہ میں خاتون سے اجتماعی زیادتی کرنے والے 3 ملزمان کو پولیس نے گرفتار کر لیا۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن انکوائری مجسٹریٹ کے مطابق ملزم افضال خاتون نسرین کو گھر سے بلا کر کھیتوں میں لے گیا۔ انہوں نے کہا کہ پہلے سے ملزم کے 2 ساتھی اندر اور افضال کھیتوں میں پہنچے ہوئے تھے۔ اخلاق تاڑ کا کہنا ہے کہ تینوں ملزمان نے خاتون کو زیادتی کا نشانہ بنایا۔

ڈی جی ایل ڈی اے کی زیر صدارت پلاننگ اینڈ ڈیزائن کمیٹی کا اجلاس، مختلف کیسز کا جائزہ لے کر منظوری دی گئی

پٹرول پمپ، تعلیمی ادارے، کوچنگ سینٹرز، انڈور سپورٹس، ڈے کیئر سنٹرز، بھالی سٹنر، گیسٹ ہاؤس و دیگر کیسز کا جائزہ لے کر منظوری دی گئی

غیر قانونی کمرشل سرگرمیوں اور کمرشل فیس نادہندگان کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں، ڈی جی ایل ڈی اے

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے ظاہر فاروق کی زیر صدارت پلاننگ اینڈ ڈیزائن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پیش کردہ کیسز کا قوانین کے مطابق جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں متعلقہ ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ نے اپنے اپنے زون کے کیسز پیش کیے۔ اجلاس میں پٹرول پمپ، تعلیمی ادارے، کوچنگ سینٹرز، انڈور سپورٹس، ڈے کیئر سنٹرز، بھالی سٹنر، گیسٹ ہاؤس و دیگر کیسز کا جائزہ لے کر منظوری دی گئی۔ اجلاس میں ڈی جی ایل ڈی اے ظاہر فاروق نے ہدایت کی کہ لیٹر بوز کی خلاف ورزی پر سخت ایکشن لیا جائے۔ ڈی جی ایل ڈی اے ظاہر فاروق نے کہا کہ شہر میں غیر قانونی کمرشل سرگرمیوں اور کمرشل فیس نادہندگان کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں۔ کاروباری افراد کی سہولت کے ساتھ ساتھ قوانین پر عملداری انتہائی ضروری ہے۔ ٹیپا پلاننگ قوانین کی عملداری یقینی بنائے، این او سی جاری کرنے کے بعد عملدرآمد بھی یقینی بنایا جائے۔ اجلاس میں چیف سٹی پلاننگ آفیسر، چیف ٹاؤن پلانر، چیف ٹاؤن پلانر نو اور ڈپٹی ڈائریکٹر ماڈل ٹاؤن، ڈپٹی ڈائریکٹر ماڈل ٹاؤن، ایم ٹی ایل، ٹیپا، واسا، ضلعی انتظامیہ، ٹریفک پولیس کے نمائندگان اور ٹاؤن پلاننگ کے ڈائریکٹرز نے شرکت کی۔



وزیر خوراک پنجاب بلال یاسین اور ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید کارروائی کے دوران ضبط شدہ مرغان مال کا جائزہ لے رہے ہیں

ڈی جی ایل ڈی اے کی ہدایت پر صوبائی دارالحکومت و ایسوسی ایبل سٹی بنانے کیلئے اقدامات جاری

ٹیپا ہیڈ کوارٹر، ٹیپا ٹریننگ سکول، ٹیپا ٹریفک ٹریننگ پارک، ٹیپا ورکشاپ، ٹیپا ہیڈ کوارٹر کے سامان قبضے میں لے لیا گیا

ٹیپا ٹریفک وارڈنز کی یونیفارم تبدیل کرنے کا فیصلہ، ٹیپا ہیڈ کوارٹر، ٹیپا ٹریننگ سکول، ٹیپا ٹریفک ٹریننگ پارک، ٹیپا ورکشاپ، ٹیپا ہیڈ کوارٹر کے سامان قبضے میں لے لیا گیا

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے ظاہر فاروق وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبائی دارالحکومت کو ایسوسی ایبل سٹی بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ ڈی جی ایل ڈی اے ظاہر فاروق کی نگرانی میں شعبہ انفورسمنٹ کمیشن و ہیلتھ ٹاؤن مارکیٹ کے اطراف آپریشن کر کے غیر قانونی تجاوزات ختم کریں۔ ایل ڈی اے نے ٹیموں نے 80 سے زائد دکانوں کے غیر قانونی شیڈز، عارضی و پختہ تجاوزات ختم کر کے سامان قبضے میں لے لیا۔ آپریشن کی نگرانی ڈائریکٹر انفورسمنٹ کمیشن و ہیلتھ ٹاؤن مارکیٹ کے اطراف آپریشن کر کے غیر قانونی تجاوزات ختم کریں۔ ایل ڈی ا

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور''(3)27 ستمبر 2024ء

یکم اکتوبر سے بگ کیچ اپ ایکٹیویٹی کا آغاز کیا جا رہا ہے: عبدالرزاق

محکمہ کی جانب سے تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں، ایسے والدین جو اپنے بچوں کو ماضی میں کسی وجہ سے حفاظتی ٹیکے نہیں لگوا سکے، اس مہم کے دوران اپنے بچوں کو حفاظتی ٹیکے ضرور لگوائیں، ڈپٹی کمشنر

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے کہا ہے کہ محکمہ صحت کی جانب سے بچوں کو حفاظتی ٹیکہ جات لگانے کے لیے یکم اکتوبر سے بگ کیچ اپ ایکٹیویٹی کا آغاز کیا جا رہا ہے جس میں پانچ سال تک کی عمر کے ایسے تمام بچے جو کسی وجہ سے حفاظتی ٹیکہ جات نہیں لگوا سکے انہیں مختلف بیماریوں سے بچاؤ کے لیے حفاظتی ٹیکہ جات لگائے جائینگے۔ اس سلسلہ میں محکمہ کی جانب سے تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں، ایسے والدین جو اپنے بچوں کو ماضی میں کسی وجہ سے حفاظتی ٹیکے نہیں لگوا سکے وہ اس مہم کے دوران اپنے بچوں کو حفاظتی ٹیکے ضرور لگوائیں تا کہ انکے بچے خطرناک اور مہلک بیماریوں سے محفوظ رہ سکیں۔ اس مہم کو کامیاب بنانے کے لیے مقامی علمائے کرام اور سول سوسائٹی کے دیگر سرکردہ افراد بھی محکمہ صحت کی ٹیموں سے تعاون کریں اور بالخصوص علمائے کرام شہریوں میں اس مہم کے حوالے سے خصوصی آگاہی فراہم کریں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار محکمہ صحت کی جانب سے بچوں کو حفاظتی ٹیکہ جات لگانے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈی ایچ او ڈاکٹر فاتح علی تارڑ، فوکل پرسن و ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر ظہیر احمد سمیت مقامی علمائے کرام، محکمہ تعلیم، پی ایچ ایف ایم سی، پاپولیشن ویلفیئر اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی شریک تھے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ بچوں کو خطرناک بیماریوں سے بچانے کے لیے ضروری ہے کہ والدین انہیں بروقت حفاظتی ٹیکہ جات کا کورس مکمل کروائیں کیونکہ ان حفاظتی ٹیکہ جات سے بچے کئی قسم کی بیماریوں سے محفوظ رہتے ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ محکمہ صحت کی جانب سے ایسے تمام بچے جو کسی وجہ سے حفاظتی ٹیکہ جات نہیں لگوا سکے انکے لئے ایک اسپیشل بگ کیچ اپ ایکٹیویٹی کا آغاز کیا جا رہا ہے تا کہ کوئی بھی بچہ حفاظتی ٹیکہ جات لگنے سے محروم نہ رہ سکے۔ انکا کہنا تھا کہ وہ خود اور انکی ٹیمیں بچوں کو حفاظتی ٹیکہ جات لگانے کی مانیٹرنگ بھی کرینگے۔ اجلاس میں فوکل پرسن و ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر ظہیر احمد نے بتایا کہ یکم اکتوبر سے 30 اکتوبر تک جاری رہنے والی بگ کیچ اپ ایکٹیویٹی میں پانچ سال تک کی عمر کے ان تمام بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگائے جائینگے جو ماضی میں حفاظتی ٹیکے لگوانے سے محروم رہ گئے ہیں۔



حافظ آباد: ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق بچوں کو حفاظتی ویکسین لگائے جانے والے کے حوالے سے محکمہ صحت کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

حفاظتی ٹیکہ جات لگانے کی بڑی مہم کے سلسلہ میں اجلاس کا انعقاد

مہم کے لئے ویکسی نیٹرز کی مکمل ٹریننگ کی جائے، ڈپٹی کمشنر

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق خان کی زیر صدارت بچوں کو حفاظتی ٹیکہ جات لگانے کی بڑی مہم کے سلسلہ میں اجلاس کا انعقاد۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر احمد کمال، محکمہ ہیلتھ کے افسران، ڈبلیو ایچ او کے نمائندوں سمیت ویکسینیٹرز بھی موجود تھے۔ سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر احمد کمال نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ حفاظتی ٹیکہ جات کی مہم یکم اکتوبر سے شروع ہو کر 31 اکتوبر 2024 تک جاری رہے گی اس مہم میں ان بچوں کو حفاظتی ٹیکہ جات لگائے جائیں گے جو 2019 تا 2022 تک کرونا وبا کی وجہ سے ان حفاظتی ٹیکہ جات سے محروم رہ گئے تھے۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق خان نے کہا کہ یکم اکتوبر سے شروع ہونیوالی اس مہم کے لئے ویکسی نیٹرز کی مکمل ٹریننگ کی جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ضلع کی تینوں تحصیلوں میں کوئی بھی بچہ حفاظتی ٹیکہ جات لگنے سے محروم نہ رہے انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت کے افسران اس مہم کی ذاتی طور پر نگرانی کریں تقریب کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق خان نے 172 ویکسینیٹرز میں محکمہ صحت کی جانب سے یونیفارمز بھی تقسیم کیں۔

اوکاڑہ: ایپکا یونین سڑکوں پر نکل آئے پنجاب حکومت کے خلاف شدید نعرے بازی



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ: ایپکا یونین سڑکوں پر نکل آئے پنجاب حکومت کے خلاف شدید نعرے بازی۔ ایپکا اوکاڑہ کی مہنگائی، سکولوں کی نجکاری کے خلاف احتجاجی ریلی۔ احتجاجی ریلی ڈی آفس سے ضلع کونسل تک نکالی گئی۔ احتجاج میں سرکاری ملازمین اور ایپکا عہدیدار کی شرکت۔ احتجاجی مظاہرے کی قیادت گوہر عباس زیدی نے کی۔ حکومت پنجاب اپنے فیصلے واپس نہیں لیتی تب تک احتجاج کا سلسلہ جاری رہے گا۔

حافظ مختار احمد مدینہ شریف والوں کی جواں سال بیٹی زہریلا دودھ پینے سے جاں بحق ہوگئی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ضلع کی معروف دینی مذہبی شخصیت حافظ مختار احمد مدینہ شریف والوں کی جواں سال بیٹی زہریلا دودھ پینے سے جاں بحق ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق حافظ مختار احمد جو کہ عرصہ بیس برس سے مدینہ شریف میں مقیم چلے آرہے ہیں انکی رہائش واقع بجلی محلہ گلی نمبر 2 میں اہل خانہ نے رات کے وقت دودھ گرم کیا تو اس میں زہریلی چھپکلی گر گئی۔ جب حافظ مختار احمد کی جواں سال بیٹی نے انجانے میں یہ دودھ پیا تو وہ زہریلے دوہ کی وجہ سے دم توڑ گئی۔ جس پر گھر میں کہرام مچ گیا۔ مرحومہ کی نماز جنازہ علی پور روڈ پر واقع سادات کالونی کے قریب جامع مسجد ریاض الجنۃ سے ملحقہ پیٹرول پمپ کے احاطہ میں ادا کی گئی اور بعد ازاں اسے آہوں اور سسکیوں میں انکے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ نماز جنازہ میں علماء، مشائخ اور معززین علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

جھنگ: آج درج ذیل فیڈرز پر بجلی بند رہے گی، قارئین نوٹ فرمالیں

جھنگ (بیورو رپورٹ) بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 8 بجے سے دن 12 بجے تک 29 ستمبر کو کوٹ سلطان، سرگودھا روڈ، کوٹ امیر، بھاگر، کوٹ عیسیٰ شاہ، شاہ جیونہ ٹیکسٹائل ملز، رسول پور، کری والا، کلیرہ، کوٹ خان، شیخن، شاہ جیونہ، پیر کوٹ، نورے والا، دوسیرہ، مسن، کرن، ماچھیوال، کوٹ شاکر فیڈرز میں بجلی کی سپلائی معطل رہے گی

ہیڈ مرالہ: باپ پر تشدد اور بیٹے پر اسلحہ تان کر حراساں کرنے کا معاملہ، ڈی پی او سیالکوٹ کا اس انسانیت سوز واقعہ کا فوری نوٹس

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) تھانہ ہیڈ مرالہ کے علاقہ مونگکے میں ایک افسوس ناک واقعہ پیش آیا جہاں شہری اظہر عباس اپنے بیٹے احمد کیساتھ پٹری نہر مونگکے جا رہا تھا کہ وہاں پہلے سے کھڑی ایک کار میں سے 4 کس نامعلوم مسلح ہائے نے باہر نکل کر اسے روک کر مارنا شروع کر دیا اور چاروں نامعلوم ملزمان نے اس پر تشدد کیا اور پھر اسکے بیٹے احمد پر پسٹل تان لیا۔ ڈی پی او سیالکوٹ رانا عمر فاروق نے اس انسانیت سوز واقعہ کا فوری نوٹس لیتے ہوئے واقعہ میں ملوث ملزمان کے خلاف کاروائی کا حکم دیا جس پر ایس ایچ او تھانہ ہیڈ مرالہ کاشف علی بٹ نے فوری مقدمہ درج کر کے ملزمان کی گرفتاری کے لیے ریڈ شروع کر دیئے۔ ملزمان کو جلد از جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا اور قانون کے مطابق سزا دلوائی جائے گی۔

سول جج کی عدالت میں عارف والا کی تاریخ کے مشہور کیس کا فیصلہ سنا دیا گیا



عارف والا (نامہ نگار سے) معروف قانون دان رانا ریاض احمد ایڈووکیٹ اور محمود احمد ایڈووکیٹ کے مدلل دلائل نے حق اور سچ کی فتح میں اہم کردار ادا کرتے ہوئے انصاف کا بول بالا کر دیا طلعت محمود صاحب سینئر سول جج کی عدالت میں عارف والا کی تاریخ کے مشہور کیس کا فیصلہ سنا دیا گیا۔ عدالت نے گاؤں ہاماں رقبہ میں 12 ایکو زرعی اراضی کا فیصلہ اوورسیز پاکستانی اعجاز احمد رقبہ وغیرہ کے حق میں سنا دیا، مخالف فریق خاور شہباز وغیرہ نے جعل سازی کرتے ہوتے اقرار نامہ بنا کر کروڑوں روپے کا زرعی رقبہ ہتھیانے کی کوشش کی تھی جو کا کیس عرصہ 7 سال چلتا رہا بالآخر رانا ریاض احمد ایڈووکیٹ اور محمود احمد ایڈووکیٹ نے کیس کی پیروی کرتے ہوئے فتح یابی دلائی۔

میرے دروازے 24 گھنٹے ہر عام وخاص کے لیے کھلے ہیں، عاصم عظیم

شورکوٹ (حاجی گلزار احمد سے) شورکوٹ ضلع جھنگ پٹواری عاصم عظیم حلقہ شورکوٹ شمالی میں ایک نہایت ہی ملنسار و محنتی اور انرجیٹک قسم کے انسان ہیں تمام لوگوں کے مسائل حل کرنے کی پوری ایمانداری اور دیانتداری سے کوشش کرتے ہیں جو آدمی بھی ان کے پاس کام کیلئے آتا ہے پٹواری عاصم عظیم خود اپنے ہاتھوں سے تسلی کے ساتھ مکمل کاغذات چیک کر کے کام کرتے ہیں ہر آدمی اس پٹواری کی خوش اخلاقی کی وجہ سے خوش ہیں۔ یہ پٹواری ہر آدمی کو کہتا ہے کہ شورکوٹ کی عوام کیلئے میرے دروازے 24 گھنٹے ہر عام و خاص کے لیے کھلے ہیں۔

اخوت کے چیف کو آرڈیننٹر اور اسسٹنٹ مینجر مارکیٹنگ کا دورہ شیخوپورہ

شیخوپورہ میں ادارتی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے مملکر کام کرنے کے عزم کا اظہار



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) سماجی ادارہ اخوت کے چیف کوآرڈیننٹر ابوبکر صدیق اور اسسٹنٹ مینجر مارکیٹنگ محمد عباس جاہل نے شیخوپورہ کا دورہ کیا اور صدر انجمن تاجران ریلوے روڈ کرامت مارکیٹ رانا محمد اکرم، تاجر رہنما رانا بدیع الزمان اور آل صدیق ویلفیئر سوسائٹی بھلمی کے جنرل سیکرٹری رانا محمد اشرف سے ملاقات کی، ابوبکر صدیق اور محمد عباس جاہل نے تاجر رہنماؤں کو ادارہ اخوت کی سماجی سرگرمیوں سے آگاہ کیا اور شیخوپورہ میں ادارتی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے مملکر کام کرنے کے عزم کا اظہار کیا جس پر رانا محمد اکرم و دیگر نے انہیں یقین دہانی کروائی کہ غریب و مستحق شہریوں کی فلاح و بہبود کیلئے وہ ہر ممکن کردار ادا کریں گے اور ادارہ اخوت کے فلاحی پروگرام کو عملی جامہ پہنانے میں بھرپور ساتھ دیا جائے گا، ابوبکر صدیق نے کہا کہ سربراہ اخوت ڈاکٹر امجد ثاقب ایک درد دل رکھنے انسان اور غریب پرور شخصیت ہیں جنہوں نے مثالی فلاحی ادارہ کی بنیاد رکھ کر اسے فعال بنایا اور آج یہ ادارہ ملک بھر میں اپنی خدمات سرانجام دے رہا ہے۔

اوکاڑہ پولیس مقابلہ ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

خطرناک زخمی ڈاکو کی شناخت عمران شاہد کے نام سے ہوئی

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) اوکاڑہ پولیس مقابلہ ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار جبکہ ایک ڈاکو فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا اوکاڑہ، تھانہ شاہ بھمور کے علاقے مومن والا روڈ نزد رحمت حویلی پر پولیس مقابلہ اوکاڑہ ابتدائی تفتیش میں خطرناک زخمی ڈاکو کی شناخت عمران شاہد کے نام سے ہوئی اوکاڑہ زخمی ڈاکو راہزنی اور ڈکیتی جیسے 38 سنگین جرائم میں ملوث نکلا اوکاڑہ گرفتار بین الاضلاعی ڈاکو عمران لاہور فیصل آباد نکانہ صاحب، منڈی بہاالدین اور گجرات کے علاقوں میں بھی وارداتوں میں ملوث پایا گیا اوکاڑہ دو مسلح ڈاکو شہری شرافت سے 45 ٹوایل کے قریب سے اسلحہ کے زور پر موٹر سائیکل اور نقدی چھین کر فرار ہو گئے اوکاڑہ اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او تھانہ شاہ بھمور اور انکی ٹیم نے ریپاٹ کرتے ہوئے ڈاکوؤں کا بہادری سے تعاقب کیا اوکاڑہ رحمت حویلی کے نزدیک ڈاکوؤں نے پولیس پارٹی کو دیکھتے ہی اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی اوکاڑہ پولیس نے حفاظت خود اختیاری کے تحت جوابی فائرنگ کی اوکاڑہ فائرنگ کے نتیجہ میں ایک خطرناک ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی ہوگیا اوکاڑہ خطرناک ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا اوکاڑہ جبکہ قبضہ سے چھینی گئی موٹر سائیکل، نقدی رقم اور اسلحہ برآمد اوکاڑہ فرار ڈاکو کی تلاش کے لیے علاقے میں سرچ آپریشن کا آغاز اوکاڑہ پولیس کی بھاری نفری نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔

ستھرا پروگرام کے تحت تحصیل سیالکوٹ کی 43 دیہی یونین کونسلز کی نگرانی جاری

430 سینٹری ورکرز اور 128 لوڈر رکشہ جات کے ساتھ دیہات میں ڈور ٹو ڈور ویسٹ کلیکشن



کوٹلی لوہاراں (انور سجاد شیخ سے) اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ تحصیل سیالکوٹ رانا آصف علی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ستھرا پروگرام کے تحت تحصیل سیالکوٹ کی 43 دیہی یونین کونسلز میں صفائی لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی زیر نگرانی جاری ہے، اس ضمن میں 430 سینٹری ورکرز اور 128 لوڈر رکشہ جات کے ساتھ دیہات میں ڈور ٹو ڈور ویسٹ کلیکشن کی جا رہی ہے جبکہ زیرو ویسٹ پروگرام کے تحت 10 یونین کونسلز ہیڈ مرالہ، مراکیوال ڈالوالی، رسولپور بھلیاں، وریو، ہندل، کھروٹہ سیداں، گوندل، مومال کلاں، جھگوال اعوان اور جوڑیاں کلاں شامل ہیں سے 1133 میٹرک ٹن بلک ویسٹ لفٹ کر کے ان کو زیرو ویسٹ کر دیا گیا ہے جبکہ مچھرالہ، کور پور اور پڑتانوالی میں زیرو ویسٹ کرنے کیلئے فل اسکیل پر کام جاری ہے اور آئندہ 2 روز میں یہ یونین کونسل بھی زیرو ویسٹ ہو جائیں گی۔ اے ڈی ایل جی رانا آصف علی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق ہر گاؤں سے بلک ویسٹ لفٹ کیا جا رہا ہے اور دوبارہ بلک ویسٹ جمع نہ ہو اس کیلئے گاؤں کے باہر عارضی ویسٹ کلیکشن پوائنٹ قائم کئے جا رہے ہیں جہاں پر سینٹری ورکرز لوڈر رکشہ کے ساتھ ڈور ٹو ڈور ویسٹ لا کر اکٹھا کر رہے ہیں جہاں سے ایکسکیویٹرز اور ٹرالیوں کی مدد سے کلیکشن پوائنٹس سے کوڑا لفٹ کر کے لینڈ فل سائٹ پر ڈمپ کیا جا رہا ہے اس نظام کی بدولت دیہات میں بار بار بلک ویسٹ جمع نہیں ہوگا اور دیہات صاف ستھرے رہیں گے

آمد رسولؐ سے کائنات میں بہار آ گئی، محمد زمان چیمہ آف ڈوڈانوالی

نبی کریم ﷺ پیغمبر امن بن کر دنیا میں جلوہ گر ہوئے اور امن کے نہ بجھنے والے چراغ روشن ہو گئے



وزیر آباد (نامہ نگار) مسلم لیگ (ن) کے ضلعی نائب صدر محمد زمان چیمہ آف ڈوڈانوالی نے کہا ہے کہ آمد رسولؐ سے کائنات میں بہار آ گئی رسول کریمؐ رحمۃ اللعالمینؐ بن کر اس دنیا میں ظہور پذیر ہوئے کہ ہر قوم، قبیلہ طبقہ اور مخلوق اُن کی رحمت سے مستفیض ہوئی۔ نبی کریم ﷺ پیغمبر امن بن کر دنیا میں جلوہ گر ہوئے اور امن کے نہ بجھنے والے چراغ روشن ہو گئے۔ سرکار مدینہؐ کی ولادت تمام جہانوں کے لئے قومی ملی، فکری، تجدیدی، روحانی اور اخلاقی اصلاح کا باعث بنی۔ آج ملت کا انتشار اقوام عالم کے سامنے شرمندگی کا باعث ہے۔ ولادت مصطفیٰؐ سے عورت کو برکات کثیرہ نصیب ہوئیں۔ آمد رسولؐ سے قبل عورت معاشرہ کی سب سے مظلوم مخلوق تھی۔ جانور کی طرح منڈی میں بکنا اور حق وراثت سے محروم کیا جانا عورت پر ظلم عظیم تھا۔ رشتوں کا تقدس اور معاشرتی حقوق سے دور رکھا جاتا۔ ماں باپ کا ادب و احترام نہ تھا۔ میلادؐ مصطفیٰؐ سے عورت ماں کی صورت میں محبت و احترام کا پیکر، بیوی کی صورت میں قابل اعتماد ساتھی۔ بہن اور بیٹی کی صورت میں شفقتوں کا مرکز قرار دی گئی۔ اسلام نے اپنے عظیم پیغام میں کہا کہ والدین کی خدمت سے ہی اعلیٰ مراتب نصیب ہوتے ہیں۔

عقیدہ ختم نبوت اور دفاع پاکستان کیلئے تمام قوتوں کو متحد ہونیکی ضرورت ہے، زاہد قاسمی

چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان نے ختم نبوت کے حوالے سے جو مختصر فیصلہ دیا اسکا تفصیلی فیصلہ بھی جلد جاری کیا جائے، مطالبہ

سمندری (نمائندہ خصوصی رپورٹر) عقیدہ ختم نبوت اور دفاع پاکستان کیلئے تمام قوتوں کو متحد ہونیکی ضرورت ہے، سمندری میں سالانہ تحفظ ختم نبوت کانفرنس سے مرکزی چیئرمین صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی رہنماء مولانا اللہ وسایا مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا شاہ نواز فاروقی قاری احمد رضا شاہ رحیمی، صوبائی جنرل سیکرٹری پنجاب مولانا اعظم فاروق صوبائی سیکرٹری اطلاعات پنجاب مولانا محمد عامر اشرف مولانا بہادر علی سیف مولانا عبدالشکور رضوی، مولانا محمد یونس ضیاء، حافظ ذیشان وزیر، مولانا ارشاد فاروقی، حافظ امداد اللہ عمر، حافظ رمضان نوید و دیگر علماء و مشائخ کا خطاب۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی رہنما مولانا اللہ وسایا نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 7 ستمبر 1974ء کا دن پاکستان کی تاریخ میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے عقیدہ ختم نبوت اسلام کا بنیادی عقیدہ ہے 7 ستمبر کو قومی اسمبلی نے منکرین ختم نبوت کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا اور یہ بھی طے ہو گیا کہ ہر وہ فرد جو حضور ﷺ کے بعد کسی مدعی نبوت کا دعویٰ کرے وہ پاکستان کے آئین اور قانون کے مطابق غیر مسلم ہیں۔

پریس کلب کی طرف سے سپورٹس گالا کا انعقاد انتہائی حوصلہ افزا اقدام ہے، ڈپٹی کمشنر

فاتح ٹیم کے کپتان مبشر حسن بٹ کو ونگ ٹرافی اور ٹورنامنٹ میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں میں نقد انعامات اور ٹرافیاں تقسیم

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پریس کلب سپورٹس گالا اختتام پذیر ہوگیا کرکٹ اسٹیڈیم شیخوپورہ میں کھیلے گئے فائنل میچ میں پہلے کھیلتے ہوئے پریس کلب قلندرز نے 89 رنز بنائے یہ ہدف یونائیٹڈ کلب کے اوپنرز نے آٹھویں اوور میں باآسانی مکمل کر لیا۔ میچ کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ تھے جنہوں نے فاتح ٹیم کے کپتان مبشر حسن بٹ کو ونگ ٹرافی اور ٹورنامنٹ میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں میں نقد انعامات اور ٹرافیاں تقسیم کیں، اس موقع پر ایڈیشنل ایس پی بلال سلہری، اسسٹنٹ کمشنر بلاول ہنجرا، ایس ڈی پی او آئی میاں افضال حیدر، چیف آفیسر ضلع کونسل احسن عنایت سندھو، ڈسٹرکٹ آفیسر 1122 رانا اعجاز احمد، الصمد ٹاؤن کے چیف ایگزیکٹو رائے محمد ثاقب، سابق سیکرٹری بار صہیب اسلم سدھو و دیگر نمائندہ افراد بھی موجود تھے۔ اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ نے کہا کہ پنجاب حکومت کے ویژن کے مطابق اضلاع کی سطح پر کھیلوں کے فروغ کیلئے تمام وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔ پریس کلب کی طرف سے سپورٹس گالا کا انعقاد انتہائی حوصلہ افزا اقدام ہے ایسے ٹورنامنٹس کی سرپرستی کیلئے ضلعی انتظامیہ ہر ممکنہ تعاون کرے گی، بہت جلد پریس کلب ضلعی انتظامیہ عدلیہ اور وکلاء کے مابین بھی دوستانہ میچز کا انعقاد کیا جائے گا جس سے کھیلوں کے فروغ کے ساتھ ساتھ اداروں کے مابین باہمی کوآرڈینیشن بھی بہتر ہوگی اس موقع پر صدر پریس کلب رانا محمد عثمان نے ڈپٹی کمشنر کو پریس کلب کی طرف سے یادگاری شیلڈ پیش کی۔





عمران خان کو مائنس کرنیوالے خود مائنس ہو چکے، چوہدری عادل پرویز سلطان

لاہور کے کامیاب جلسہ نے ثابت کر دیا ہے کہ انشاء اللہ اب تحریک انصاف



سمندری (تحصیل رپورٹر) لاہور میں پی ٹی آئی کے کامیاب جلسہ نے ثابت کر دیا ہے کہ قائد عمران خان کو مائنس کرنیکی کوششیں کرنیوالے خود مائنس ہو رہے ہیں۔ قائد عمران خان بین الاقوامی لیڈر بن چکے ہیں جبکہ عوامی طاقت سے پاکستان تحریک انصاف وطن عزیز پاکستان کی سب سے بڑی سیاسی جماعت ہونے کے ساتھ ساتھ دن بدن مضبوط تر ہوتی جا رہی ہے جس کی وجہ سے مخالفین اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف ضلع فیصل آباد کے صدر چوہدری عادل پرویز سلطان گجر نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کی جڑیں عوام میں ہیں دنیا کی کوئی طاقت تحریک انصاف کو اقتدار میں آنے سے نہیں روک سکتی ہے۔ مزید کہا کہ فارم 47 کے پیداوار موجودہ حکمران پانی کا بلبلا ہیں جلد ہی ان کا خاتمہ ہونے والا ہے۔

پی ٹی آئی لاہور کا ہنہ جلسہ تاریخی تھا، میاں مبشر علی

عوامی قوت کے سامنے پنجاب حکومت بے بس نظر آئی، بیان



سمندری (تحصیل رپورٹر) پنجاب حکومت کے خوف نے ثابت کر دکھایا کہ لاہور کا جلسہ تاریخی تھا، جلسے کی کامیابی عوام کی بھرپور شرکت سے واضح ہے کہ لاہور کا کامیاب جلسہ عوامی ریفرنڈم تھا، عوامی قوت کے سامنے پنجاب حکومت بے بس نظر آئی، پی ٹی آئی فیصل آباد کے ضلعی صدر چوہدری عادل پرویز سلطان گجر سمیت پوری پارٹی قیادت کو کامیاب جلسہ منعقد کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ ان خیالات کا اظہار پی ٹی آئی سٹی کے صدر میاں مبشر علی نے اپنے ایک بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کے پی کے علی امین گنڈاپور کے پہنچنے سے قبل جلسہ گاہ خالی کروانا گھبراہٹ نہیں تو اور کیا تھا۔

حضرت بوعلی قلندر کے تین روزہ عرس مبارک کی تقریبات اختتام پذیر

اندرون و بیرون شہروں سے بڑی تعداد میں عقیدت مندوں اور مریدین نے شرکت کی



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حضرت بوعلی قلندر کے تین روزہ عرس مبارک کی تقریبات اختتام پذیر ہوگئی تفصیلات کے مطابق حضرت بوعلی قلندر کے سالانہ تین روزہ عرس مبارک کی تقریبات رقت آمیز دعاؤں کے بعد اختتام پذیر ہوگئی عرس مبارک میں اندرون و بیرون شہروں سے بڑی تعداد میں عقیدت مندوں اور مریدین نے شرکت کی عرس مبارک کے دوران محفل سماع اور محفل نعت کی خصوصی محفل منعقد کی گئی اختتام پر ملکی سلامتی اور عالم اسلام کیلئے خصوصی دعا بھی کروائی گئی۔

ضلع شیخوپورہ میں بجلی چوروں کے خلاف کاروائیاں جاری

فیکٹریوں، کارخانوں اور گھریلو صارفین کے خلاف بھی کریک ڈاؤن کیا جا رہا ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ایس ای لیسکو شیخوپورہ عمر بلال نے کہا ہے کہ بجلی چوروں کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں اور تمام سب ڈویژنز کی فیلڈ ٹیمیں روزانہ کی بنیاد پر کاروائیاں عمل میں لا رہی ہیں شیخوپورہ کی حدود میں چلنے والی فیکٹریاں اور کارخانوں کے ساتھ ساتھ گھریلو صارفین کے خلاف بھی کریک ڈاؤن کیا جا رہا ہے جس میں اب تک متعدد بجلی چوروں کے خلاف مقدمات درج کروانے سمیت بھاری جرمانے کئے گئے ہیں بجلی چوری کی روک تھام تک یہ کاروائیاں مسلسل جاری رہیں گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، ایس ای لیسکو عمر بلال نے کہا کہ بجلی چوروں کے خلاف آپریشن میں محکمہ واپڈا کو لاکھوں روپے کا فائدہ ہوا ہے لیسکو چیف کے حکم پر ضلع بھر میں بجلی چوروں کے خلاف آپریشن اس وقت تک جاری رہے گا جب تک بجلی چوری کا مکمل خاتمہ نہیں ہوتا بجلی چوری میں ملوث پائے جانے والے سرکاری اہلکاروں کے خلاف بھی بلا امتیاز کاروائی کی گئی ہے اور تمام افسران کو سختی سے ہدایات کی گئی ہے کہ وہ ملازمین کی مانیٹرنگ کریں اگر کوئی ملازم بجلی چوروں کا سہولت کار پایا گیا تو اسے کڑی محکمانہ کاروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

اسرائیل عالمی اداروں کے قوانین کو اسرائیل پاؤں تلے روند رہا ہے، سید آفتاب عظیم بخاری

اقوام متحدہ، او، آئی سی اور عرب لیگ جیسے مردہ اداروں کو ختم کر دینا چاہیے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان فلاح پارٹی کے رہنما سید آفتاب عظیم بخاری نے لبنان پر کی جانے والی اسرائیلی جارحیت اور اس کے نتیجے میں ہونے والی شہادتوں کے خلاف اپنے بیان میں کہا ہے کہ فلسطین غزہ کی تباہی و بربادی کے بعد لبنان پر اسرائیلی جارحیت عالمی برادری کے منہ پر طمانچہ ہے، مسلم حکمرانوں اور عالمی اداروں کے قوانین کو اسرائیل پاؤں تلے روند رہا ہے، اقوام متحدہ، او، آئی سی اور عرب لیگ جیسے مردہ اداروں کو ختم کر دینا چاہیے، اسرائیل نے سفاکیت کی تمام حدیں پار کر دی ہیں اور مسلم دنیا کو جہنم بنانے کی ٹھانی ہوئی ہے، عالمی امن کے دعویداروں کے مکروہ چہرے دن بدن بے نقاب ہو رہے ہیں اسرائیلی جارحیت و بربریت و سفاکیت کو قرار دادوں کے ذریعے نہیں روکا جا سکتا۔ اقوام متحدہ جیسے تمام مردہ ادارے حقیقت مسلمانوں کے قاتل ہیں جب تک مسلم امہ کے حکمران غیرت و حمیت کا مظاہرہ کر کے مسلمانوں کے قتل عام کے خلاف بھرپور آواز نہیں اٹھائیں گے تب تک دنیا کے کسی بھی خطے میں مسلمانوں کی تباہی و بربادی نہیں رکے گی، فلسطینیاب مسلمانوں پر ظلم و ستم کے بعد لبنان کے مسلمانوں کے قتل عام سیاسلام دشمن قوتوں کیارادے کھل کر سامنے آچکے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر محمد عمیر کی زیر صدارت انسداد ڈینگی کا اجلاس، انسداد ڈینگی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ

ہلاروائی سرویلنس کے حوالہ سے تمام ہاٹ سپاٹس کو کلیئر کریں، ڈپٹی کمشنر کی اجلاس کے دوران ڈینگی ٹیموں کو سختی سے تاکید

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر محمد عمیر کی زیر صدارت انسداد ڈینگی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں انسداد ڈینگی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ بمعہ ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر محکمہ صحت سمیت دیگر تمام متعلقہ محکموں کے افسران موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے ڈینگی ٹیموں کو تاکید کی کہ وہ لاروائی سرویلنس کے حوالہ سے تمام ہاٹ سپاٹس کو کلیئر کریں، تمام متعلقہ افسران انسداد ڈینگی ٹیموں کی نگرانی موثر انداز سے کریں، انسداد ڈینگی ٹیموں کی طرف سے گھروں، جوہڑوں، تالابوں، نرسریوں، قبرستانوں، کاٹھ کباڑ شاپس اور سروس اسٹیشنز کی سرویلنس کریں، زیر تعمیر

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

بڑھتی ہوئی آبادی پر عبدالعلیم خان کا اظہار تشویش اور بلوچستان میں ہونے والی سازشیں بے نقاب!!

پاکستان کو ویسے تو بہت سے مسائل کا سامنا ہے جن پر مختلف حوالوں سے مختلف مقامات پر بات ہوتی رہتی ہے۔ معاشی مسائل ہوں یا امن وامان، سیاسی عدم استحکام ہو یا آئینی معاملات، مہنگائی ہو یا بیروزگاری ہر حوالے سے بات ہوتی رہتی ہے۔ مسائل حل ہوتے ہیں یا نہیں، فیصلے ہوتے ہیں یا نہیں، ان مسائل کو حل کرنے کے لیے مناسب اقدامات اٹھائے جاتے ہیں یا نہیں، یہ الگ بحث ہے۔ ان تمام مسائل پر بات کرتے ہوئے ہر سطح پر آبادی میں تشویشناک حد تک مسلسل اضافے کے حوالے سے کوئی بات نہیں کرتا۔ حالانکہ یہ بہت بڑا مسئلہ ہے، سیلانی ایڈیٹ ڈیجسٹ کے فاروق کو دیکھا جائے تو پھر احساس ہوتا ہے کہ حکومتی سطح پر تیزی کے ساتھ بڑھتی ہوئی آبادی والے معاملے کو مکمل طور پر نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ کیا بڑھتی ہوئی آبادی سے تناسب سے ہم وسائل میں اضافے کے حوالے سے کام کر رہے ہیں۔ یقیناً یہ نہایت اہم اور توجہ طلب پہلو ہے۔ نہ تو ہم آبادی کو قابو میں رکھنے کے لیے کچھ کر رہے ہیں اور نہ ہی ہم وسائل میں اضافے کے لیے کام کر رہے ہیں۔ اس اہم ترین مسئلے پر وفاقی وزیر سمیت کاری بورڈ، مواصلات اور تجارت عبدالعلیم خان کہتے ہیں کہ پاکستان کو شہری آبادی میں اضافے کے پیچھے کنٹرول کرنا ہے اور موجودہ آبادی کے لیے بہتر زندگی کے وسائل میں اضافہ کرنا ہے۔ عبدالعلیم خان کا یہ بیان قابل تعریف ہے۔ کم از کم انہوں نے اس اہم معاملے پر ساتھی وزراء اور حکومت کو ایک سوچ دینے کی کوشش ضرور کی ہے۔

چین میں منعقدہ گلوبل فرانٹیئر فورم سے خطاب کرتے ہوئے عبدالعلیم خان نے مواصلات میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اور گرین ٹیکنالوجی کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو شہری آبادی میں اضافے اور ماحولیاتی تبدیلی کا بڑا چیلنج درپیش ہے۔ ذرائع آمد و رفت میں بہتری کے لیے شہریوں کے تحفظ کو مدنظر رکھنا ہوگا۔ سی پیک اور چائنہ بیلٹ روڈ منصوبوں سے دنیا و ممالک مستفید ہوئے ہیں۔ سی پیک تجارتی راہداریاں، گرین انرجی اور گیمین ٹیکنالوجی پر مبنی ہیں۔ پانی و بجلی اور بندرگاہوں کو منتقل کی ضرورت ہے۔ اسی کے مطابق مربوط بنانا ترجیحات میں شامل ہے۔ ای سے مطابق بہتری اور روزگار کے بہتری کے سہولت فی ہوئے ہیں۔ مواصلاتی نظام میں مواقع پیدا ہوں گے۔ مواصلاتی نظام میں بہتری سے معیشت بھی نہیں ثقافت اور معاشرت کو بھی فروغ ملتا ہے۔ مواصلات کے شعبے میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اور گرین ٹیکنالوجی کے حامی ہیں۔ عبدالعلیم خان نے پاکستان کی جن مختلف ممالک کے ساتھ ملاقات کی۔ ملاقات کے اعلامیہ کے مطابق پرتگال کی ڈیا پیکنگ کمپنی کے وزیر ٹرانسپورٹ نے پاکستان میں شپ یارڈ کے قیام کے لیے تعاون کا اعلان کیا۔ چین میں پاکستان کے سفیر، چین وزراء سے ملاقات کی۔ ملاقات میں شپ یارڈ کے قیام، ایم ایل ون، ایم ایس، ایم ٹائن اور کاغان ٹائن، بابو سر ٹاپ ٹنل شامل ہیں۔ پاک چین وزراء کے درمیان ان منصوبوں پر پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اور فنانشل ماڈل پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ عبدالعلیم خان کے مطابق چین اور پاکستان مل کر ایم ایل ون اور ایم ون اور ایم ون کے منصوبوں پر کام کریں گے۔ پاکستان میں قراقرم ہائی وے اور کاغان ناران سے بابو سر ٹاپ تک ٹنل تعمیر کی جائے گی۔ سی



پیک کے بیتر تلے سارے منصوبے قابل عمل اور وطرد فتحانوں کو فروغ دیں گے۔ چین کے وزیر ٹرانسپورٹ سے سفیر، حیدرآباد اور کراچی مشورے کے مختلف پہلوؤں پر بات ہوئی۔ کاغان، ناران، جھیل کھنڈ، بابو سر ٹاپ اور قراقرم ہائی وے تک رابطہ شاہراہ بنانے کی جبکہ شاہراہ قراقرم کے فیز ٹو کیلئے بھی چین کا تعاون حاصل ہوگا۔ چاروں بڑے منصوبوں کیلئے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ پر بھی غور ہوگا۔

وفاقی وزیر عبدالعلیم خان سے ان کی وزارتوں کی بہت امیدیں ہیں۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ وہ کامیاب بزنسمین کی حیثیت سے معاملات میں بہت بہتر بوجھ رکھتے ہیں۔ وہ جن وزارتوں کو چلا رہے ہیں بہ شیئے پاکستان کی معیشت اور بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے میں بہت اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ ذہانیوں سے میدان سیاست میں رہتے ہوئے انہوں نے مختلف وزراء کے درمیان اس مشکل وقت میں وفاقی کو پر خدمات انجام دیتے ہوئے اچھے نتائج دے رہے ہیں۔ پاکستان اور چین مشترکہ تعلقات بعض عالمی اداروں اور طاقتوں کو کھٹکتے ہیں۔ وزیر عظم پاکستان میاں شہباز شریف ایف ایف ایف کے ساتھ قرض کے معاملے میں مذاکرات کے دوران ہونے والی سختی کے حوالے سے بیان کر چکے ہیں۔ اس واضح اظہار کے بعد کوئی شک نہیں رہتا کہ پاکستان میں معاشی و سیاسی استحکام آئی ایم ایف سے آزادی میں ہے۔ پاکستان کی معاشی خودمختاری میں ہی پیک اہم کردار ادا کر سکتا ہے یہی وجہ ہے کہ پاکستان اور چین مشترکہ مفاد کے حامل ہیں اسی لیے ہم دیکھتے ہیں کہ پاکستان کے بے حد خلاف ہے۔ اس تناظر میں بلوچستان اور تیسر پختونخوا میں امن و امان کے خراب حالات کو پرکھا جا سکتا ہے۔ یہی وہ پیغام ہے جو سیاسی قیادت کو متحد ہو کر عوام تک پہنچانے کی ضرورت ہے۔ سیاسی انتشار اور تقسیم ملک دشمن طاقتوں کا ایجنڈا ہے۔ ہمیں اس ایجنڈا کو ناکام بنانے کے لیے متحد ہو کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ ترقی منصوبوں پر تیزی سے کام ہو گا تو اسی قدر تیزی سے معیشت مضبوط ہوگی۔ کاروبار تنظیموں پاکستان میں بدامنی کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ اسی سلسلہ میں تربت سے گرفتار خودکش حملہ آور کے تیار کی گئی میڈیکل کی طالبہ حدیدہ بلوچ نے حقائق قوم کے سامنے رکھے ہیں۔ حدیدہ بلوچ بتتی ہیں کہ کیسے لوگوں نے ورغلایا کہ میں خودکش حملہ کروں، دہشت گردی کیلئے میری برین واشنگ کی گئی۔ میں نے ابتدائی تعلیم حاصل کی، مزنگ کا کورس کوئٹہ سے کیا، مجھے بہکایا گیا تھا، میرے علاوہ پہاڑوں پر ایک اور لڑکی کو بھی برین واش کیا گیا تھا، میں غلط راہ سے چل رہی تھی لیکن حکومت بلوچستان کی وجہ سے بچ گئی۔ سوال یہ ہے کہ دشمن کیا کارے نے معصوم لوگوں کی جان جائے گی، دہشت گردی کے لیے نوجوانوں کو ورغلایا جا رہا ہے، دہشت گرد اپنے مقاصد کیلئے لوگوں کا استعمال کرتے ہیں، نوجوان کو معصیت کرتی ہیں دہشت گردوں کی باتوں میں نہ آئیں۔ حدیدہ بلوچ کے والد کا کہنا تھا کہ بچی چلا گئی میری بیٹی کو ورغلایا گیا، جانتا ہوں وہ کہاں ہے، ہمارے پہاڑوں پر لبھایا جاتا ہے ان کی وجہ سے ہی ملک میں امن نہیں ہے، بلوچستان کی حکومت اور سیکیورٹی کے ذمے داروں کو ورغلایا گیا، میری بیٹی کو ورغلایا گیا، جانتا ہوں کہاں ہے، ہمارے پہاڑوں پر لبھایا جاتا ہے ان کی وجہ سے ہی



سکواش چیمپئن شپ: پاکستان کے عاصم خان نے بڑا اپ سیٹ کر دیا

عاصم خان نے یحییٰ النواسانی کو 11-7، 4-11، 11-6، 7-11 اور 11-7 کے سکور سے شکست دی، ان کی اس شاندار فتح نے انہیں ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میں پہنچا دیا

ورجینیا (ویب ڈیسک) شارلٹس ول اوپن سکواش چیمپئن شپ میں پاکستان کے عاصم خان نے بڑا اپ سیٹ کرتے ہوئے سیکنڈ سیڈ مصر کے یحییٰ النواسانی کو سنسنی خیز مقابلے میں شکست دے کوارٹر فائنل تک رسائی حاصل کر لی۔ امریکی ریاست ورجینیا میں جاری اس ٹورنامنٹ میں عاصم نے مضبوط مصری حریف کو ایک گھنٹے پر محیط سخت مقابلے کے بعد زیر کیا۔ عاصم خان نے یحییٰ النواسانی کو 11-7، 4-11، 11-6، 7-11 اور 11-7 کے سکور سے شکست دی، ان کی اس شاندار فتح نے انہیں ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میں پہنچا دیا ہے۔ دوسری جانب پاکستان کے ایک اور کھلاڑی عشب عرفان دوسرے راؤنڈ میں سیڈ نمبر 7 مصر کے ابراہیم الکہانی سے شکست کھا گئے، ان کو 11-8، 11-7، 7-11 اور 11-7 کے سکور سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ واضح رہے کہ شارلٹس ول اوپن سکواش ٹورنامنٹ کی مجموعی انعامی رقم 28750 ڈالرز ہے اور دنیا بھر کے سکواش کھلاڑی اس ایونٹ میں شریک ہیں۔

بھارت کیلئے 2 برانز میڈل جیتنے والی خاتون شوٹر مانو بھاکر کو سخت تنقید کا سامنا

میڈلز جیتنے کے بعد مانو بھاکر بھارت کی مقبول ترین شخصیات میں شامل



پیرس (ویب ڈیسک) پیرس اولمپکس میں 2 برانز میڈل جیت کر نئی تاریخ رقم کرنے والی خاتون شوٹر مانو بھاکر کو بھارت میں سخت تنقید کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ میڈلز جیتنے کے بعد مانو بھاکر بھارت کی مقبول ترین شخصیات میں شامل ہو گئیں اور ان کی ہر جگہ پذیرائی ہونے لگی لیکن بھارتیوں نے اب اپنی ہی اسٹار شوٹر کو تنقید کا نشانہ بنانا شروع کر دیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق مانو بھاکر کے بار بار پبلک میں میڈل دکھانے پر اعتراضات کیے جانے لگے ہیں، ان کو سوشل میڈیا پر غیر ضروری تنقید کا نشانہ بنایا گیا ہے۔ مانو بھاکر کا کہنا ہے کہ میں میڈل فخر کے ساتھ دکھاتی ہوں، اپنے خوبصورت سفر کو دکھانے کا یہ میرا اپنا طریقہ ہے۔

سعودی ویمن فٹ بال پریمیئر لیگ کا آغاز 27 ستمبر سے ہوگا

ویمن پریمیئر لیگ تیسرے سیزن میں 200 سے زائد پلیئرز نے خود کو رجسٹر کرایا

15 سے زائد 10 فٹبال کلب سے تعلق رکھنے والی انٹرنیشنل پلیئرز نے شرکت کی

ہمیں خوشی ہے کہ سعودی خواتین ٹیم بھی تیزی سے ترقی کر رہی ہے، یاسر المسحل

جدہ: (ویب ڈیسک) سعودی ویمن فٹ بال پریمیئر لیگ 27 ستمبر سے سعودی عرب میں شروع ہو رہی ہے جس میں نئی نسل کی ویمن فٹبال پلیئرز کو متعارف کرایا جائے گا۔ خبر رساں ادارے کے مطابق سعودی فٹبال فیڈریشن کے تحت 18 ہفتوں پر مشتمل لیگ کے تحت 90 میچز کھیلے جائیں گے، ویمن پریمیئر لیگ تیسرے سیزن میں 200 سے زائد پلیئرز نے خود کو رجسٹر کرایا ہے۔ نئے سیزن کے آغاز سے قبل لیگ میں 15 سے زائد 10 فٹبال کلب سے تعلق رکھنے والی انٹرنیشنل پلیئرز نے شرکت کی ہے جن کا تعلق 20 سے زیادہ ملکوں سے ہے۔ سعودی فٹبال فیڈریشن کے چیئرمین یاسر المسحل کا کہنا ہے ہمیں خوشی ہے کہ سعودی خواتین ٹیم بھی تیزی سے ترقی کر رہی ہے، ہم ویمن پریمیئر لیگ کے انعقاد پر بہت پرجوش ہیں۔ نئے سیزن کے آغاز سے قبل سعودی فٹبال فیڈریشن میں شعبہ خواتین کی صدر علیا الرشید کا کہنا تھا گزشتہ دو سیزن میں سعودی ویمن پریمیئر لیگ نے بہتری حاصل کی جو خوش آئند ہے، ماضی میں کوئی پروفیشنل ویمن پلیئرز نہیں تھی۔

کھلاڑیوں پر بھروسہ کرنا، ان کو اعتماد دینا بہت اہم ہے، جیسن گلیسپی

لاہور (این این آئی) پاکستان ریڈ بال ٹیم کے کوچ جیسن گلیسپی کا کہنا ہے کہ کھلاڑیوں پر بھروسہ کرنا اور ان کو اعتماد دینا بہت اہم ہے، پلیئرز کی فٹنس کا معاملہ کنٹرول ہو سکتا ہے۔ چیمپئنز کپ کے دوران کمنٹری میں گفتگو کرتے ہوئے جیسن گلیسپی نے کہا کہ بنگلادیش کیخلاف سیریز میں نتائج ہمارے حق میں نہ تھے۔ انہوں نے بتایا کہ ہم نے انگلینڈ کے خلاف اسکواڈ کو بنگلادیش سیریز سے زیادہ مختلف نہیں رکھا، ایک بری سیریز کے بعد جلد بازی میں کوئی فیصلہ نہیں کرنا چاہتے۔ جیسن گلیسپی نے کہا کہ کامران غلام کو بتایا گیا ہے کہ اس وقت موجودہ پلیئرز کو اعتماد دیا گیا تھا، کامران غلام کی فارم اور پرفارمنس سے واقف ہوں، وہ ہماری پلاننگ میں ہے۔

لگتا ہے پی سی بی کے لوگ کنفیوز ہیں، کوئی ویژن نہیں، ہارون رشید

کراچی (این این آئی) پی سی بی کے سابق چیف سلیکٹر ہارون رشید نے کہا ہے کہ پاکستان کی کرکٹ کئی مسائل سے دوچار ہے، ایک دو گھنٹے کی میٹنگ کر کے انہیں دور نہیں کیا جا سکتا۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ بھی پی سی بی سے وابستہ رہے ہیں، ایسی صورتحال پہلے کبھی نہیں دیکھی، دنیا پی سی بی اور پاکستان ٹیم کا مذاق بنا رہی ہے۔ ہارون رشید نے کہا کہ انڈر 19 ٹورنامنٹ شروع کر کے بند کر دینا، ریڈ بال سیریز سے پہلے وائٹ بال ٹورنامنٹ کرانا، ایسا لگتا ہے پی سی بی کے لوگ کنفیوژ ہیں، کوئی وژن نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی کرکٹ کو بہتر بنانا ہے تو دو لمبے سیشن کرنے ہوں گے، کرکٹ کو بہتر بنانا ہے تو لمبے سیشن کرنا ہوں گے، ان سیشن کے بعد جس نتیجے پر پہنچیں تو اس پر عمل کرنا ہوگا۔ ہارون رشید نے یہ بھی کہا کہ کنکشن کیمپ میں دنیا کو بتا دیا کہ ٹیم متحد نہیں ہے، کنکشن کیمپ میں بتایا گیا ٹیم میں اتحاد نہیں ہے۔

پاکستان ہاکی کی بہتر بنانے کے لیے کھلاڑیوں کے مالی مسائل دور کرنا ہوں گے، ہیڈ کوچ

لاہور (شیروز میاں سے) قومی ہاکی ٹیم کے ہیڈ کوچ طاہر زمان نے کہا ہے کہ پاکستان ہاکی ٹیم کو بہتر کرنے کے لیے ہائی پرفارمنس سینٹر بنانا ہوگا اور کھلاڑیوں کے مالی مسائل دور کرنا ہوں گے تاکہ وہ بہتر پرفارم کر سکیں۔ ہیڈ کوچ طاہر زمان نے ڈان نیوز کے پروگرام ری پلے میں خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی میں چین کے خلاف شکست سے مایوسی ہوئی، ایونٹ میں ٹیم کی کارکردگی سے مطمئن ہوں مگر ہمیں فائنل تک پہنچنا چاہیے تھا۔

انگلینڈ کے خلاف پہلے ٹیسٹ کیلئے پاکستان کے 15 رکنی اسکواڈ کا اعلان

لاہور (شیروز میاں سے) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سلیکٹرز نے انگلینڈ کے خلاف ملتان میں ہونے والے پہلے ٹیسٹ کے لیے 15 کھلاڑیوں پر مشتمل اسکواڈ کا اعلان کر دیا۔ پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز کا پہلا میچ ملتان میں 7 سے 11 اکتوبر تک کھیلا جائے گا جس کے لیے پاکستان کے 15 رکنی اسکواڈ کا اعلان کر دیا گیا۔ اسکواڈ کے اعلان کے بعد ہیڈ کوچ جیسن گلیسپی کی تجویز پر منتخب کھلاڑیوں کو چیمپئنز ون ڈے کپ کے پلے آف سے دستبردار کرا لیا گیا ہے۔

پاک بھارت ٹاکرا پاکستان کے عثمان وزیر نے 1 منٹ 5 سیکنڈ میں ہی جیت لیا

صورتِ حال کو دیکھتے ہوئے ریفری نے عثمان وزیر کو ٹیکنیکل بینڈ پر فاتح قرار دے دیا



تھائی لینڈ (سپورٹس ڈیسک) پروفیشنل باکسنگ کا پاک بھارت ٹاکرا پاکستان کے عثمان وزیر نے 1 منٹ 5 سیکنڈ میں ہی جیت لیا۔ تھائی لینڈ میں بھارتی باکسر تھملک سیل وام پاکستان کے عثمان وزیر کے 2 مکے بھی برداشت نہ کر سکے اور رنگ میں گر گئے جس کے بعد ٹیکنیکل بینڈ پر انہیں فاتح قرار دے دیا گیا۔ پہلے راؤنڈ کے شروع ہونے کے چند ہی سیکنڈ بعد عثمان کا زوردار مکا بھارتی باکسر سہ نہ سکے اور رنگ میں بیٹھ گئے جس کے بعد ان کی سانس بحال ہی ہوئی تھی کہ عثمان نے ایک اور مکہ جڑ دیا جس پر بھارتی باکسر سنبھل نہ پائے اور صورتِ حال کو دیکھتے ہوئے ریفری نے عثمان وزیر کو ٹیکنیکل بینڈ پر فاتح قرار دے دیا۔ عثمان وزیر کی یہ مسلسل 14 ویں کامیابی ہے۔ بھارتی باکسر کو شکست دینے کے بعد عثمان وزیر نے دونوں ممالک کے وزرائے عظم سے اچھے روابط قائم کرنے کی اپیل کی ہے۔

کھلاڑیوں پر بھروسہ کرنا، ان کو اعتماد دینا بہت اہم ہے، جیسن گلیسپی



لاہور (شیروز میاں سے) پاکستان ریڈ بال ٹیم کے کوچ جیسن گلیسپی کا کہنا ہے کہ کھلاڑیوں پر بھروسہ کرنا اور ان کو اعتماد دینا بہت اہم ہے، پلیئرز کی فٹنس کا معاملہ کنٹرول ہو سکتا ہے۔ چیمپئنز کپ کے دوران کمنٹری میں گفتگو کرتے ہوئے جیسن گلیسپی نے کہا کہ بنگلادیش کے خلاف سیریز میں نتائج ہمارے حق میں نہ تھے۔ انہوں نے بتایا کہ ہم نے انگلینڈ کے خلاف اسکواڈ کو بنگلادیش سیریز سے زیادہ مختلف نہیں رکھا۔

شکیب الحسن کا ٹیسٹ اور ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل فارمیٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان



بنگلہ دیش (سپورٹس ڈیسک) بنگلادیش کے آل راؤنڈر شکیب الحسن نے ٹیسٹ اور ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل فارمیٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا۔ بھارت کے خلاف دوسرے ٹیسٹ میچ سے قبل کانپور میں پریس کانفرنس میں شکیب الحسن نے انٹرنیشنل کرکٹ کے 2 فارمیٹ سے ریٹائرمنٹ لینے کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر کرکٹ بورڈ بنگلادیش میں الوداعی ٹیسٹ میچ کھیلنے کی اجازت نہیں دیتا تو بھارت کے خلاف ٹیسٹ میچ میرے کیریئر کا آخری ٹیسٹ میچ ہوگا۔ شکیب الحسن نے کہا کہ میں نے میرپور میں اپنا آخری ٹیسٹ میچ کھیلنے کی خواہش کا اظہار بنگلادیش کرکٹ بورڈ سے کیا ہے، انہوں نے مجھ سے اتفاق کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کرکٹ بورڈ ہر چیز کو ترتیب دینے کی کوشش کر رہا ہے تاکہ میں بنگلادیش جا سکوں، اگر ایسا نہیں ہوا تو کانپور میں بھارت کے خلاف میچ ٹیسٹ کرکٹ میں میرا آخری میچ ہوگا۔ یاد رہے کہ سابق وزیراعظم حسینہ واجد کے خلاف ہونے والے مظاہروں کے دوران بنگلادیش میں شکیب الحسن کو قتل کے ایک مقدمے میں نامزد کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ جنوبی افریقا نے دو ٹیسٹ میچز کی سیریز کے لیے اکتوبر میں بنگلادیش کا دورہ کرنا ہے، دونوں ٹیموں کے درمیان پہلا ٹیسٹ 21 اور دوسرا ٹیسٹ 29 اکتوبر سے شیڈول ہے۔

پی سی بی کنکشن کیمپ میں غیر ملکی این او سی معاملے کا ذکر، آفیشلز کا اظہار ناراضی

کھلاڑیوں کی سرجری کی بات تو کر دی گئی، پی سی بی کو اندرونی سرجری کی بھی ضرورت ہے، کھلاڑیوں کا جواب

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے کنکشن کیمپ میں کرکٹر نے غیر ملکی لیگز کیلئے این او سی پالیسی پر بات کی۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی کنکشن کیمپ میں قومی کرکٹرز نے پی سی بی حکام سے سوالات کیے۔ کھلاڑی نے مکالمے میں کہا کہ مانتے ہیں پرفارمنس اچھی نہیں، پرفارمنس کیلئے دماغی سکون کی ضرورت ہوتی ہے۔ ذرائع کے مطابق کھلاڑیوں نے کہا کہ غیر ملکی لیگز کیلئے این او سی پالیسی پر نظر ثانی کی جائے، این او سی کا قانون کھلاڑیوں کیلئے الگ الگ ہے، پی سی بی این او سی پر التواء کرتا ہے، جواب نہیں ملتا۔ چیئرمین پی سی بی نے سی او او سلمان نصیر کو این او سی معاملات پر نظر ثانی کرنے کی ہدایت کر دی۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی آفیشلز نے مالی اور این او سی معاملات پر اظہار ناراضی کرتے ہوئے کہا کہ این او سی معاملات کا ذکر کنکشن کیمپ میں نہیں کرتے۔ ذرائع کے مطابق کنکشن کیمپ میں کھلاڑی نے کہا کہ کھلاڑیوں کی سرجری کی بات تو کر دی گئی، پی سی بی کو اندرونی سرجری کی بھی ضرورت ہے، پی سی بی کو اندرونی معاملات بھی دیکھنے چاہیے۔ ذرائع نے بتایا کہ کھلاڑیوں کا کہنا تھا کہ اندرون معاملات سے کھلاڑیوں پر دماغی طور پر اثر پڑتا ہے، کھلاڑیوں سے ٹھیک طرح برتاؤ نہیں کیا جاتا۔



کوئی پسند ہے نہ فوری شادی کا ارادہ ہے، علی رحمٰن خان



مقبول اداکار علی رحمٰن خان نے شکوہ کیا ہے کہ بطور اداکار اگر وہ کسی خاتون کے ساتھ تصویر کھنچواتے اور سوشل میڈیا پر شیئر کر دیتے ہیں تو لوگ مذکورہ خاتون سے ان کا تعلق ہی بنا دیتے ہیں، کوئی پسند ہے نہ فوری طور پر شادی کا ارادہ ہے۔ علی رحمٰن خان نے حال ہی میں مزاحیہ پروگرام گپ شپ میں شرکت کی، جہاں انہوں نے مختلف معاملات پر کھل کر بات کی۔ انہوں نے بتایا کہ وہ نعمان اعجاز، ثانیہ سعید اور سلیم شیخ کی اداکاری کو دیکھ کر شوبز میں آئے، وہ انہیں بہت پسند تھے، ان کے ساتھ کام کرنا بھی ان کی خواہش تھی۔ نہوں نے بتایا کہ ان کی پیدائش وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ہوئی، وہیں ان کی پرورش بھی ہوئی لیکن انہیں سمجھ نہیں آتا کہ انہیں اور اسلام آباد کے دوسرے بچوں کو برگر کیوں کہا جاتا تھا۔ ایک سوال کے جواب میں علی رحمٰن خان نے بتایا کہ انہوں نے جن بھی اداکاراؤں کے ساتھ کام کیا، وہ تمام بہترین اداکارائیں تھیں لیکن انہیں سب سے زیادہ مہوش حیات کے ساتھ کام کر کے مزہ آیا۔ انہوں نے اداکارہ کی تعریفیں کرتے ہوئے کہا کہ وہ شوٹنگ سیٹ پر سپر اسٹار نہیں بلکہ عام اداکارہ ہوتی ہیں اور اپنے ساتھیوں اور جونیئرز کا حوصلہ بڑھاتی رہتی ہیں۔ شادی سے متعلق پوچھے گئے سوال پر اداکار نے بتایا کہ فوری طور پر ان کا شادی کا کوئی ارادہ نہیں اور یہ کہ انہیں ابھی شادی کے لیے کوئی لڑکی پسند بھی نہیں۔ علی رحمٰن خان کا کہنا تھا کہ انہیں لگتا ہے کہ جب ان کی شادی ہوتی ہوگی، اس وقت ہو جائے گی، اس کے لیے پہلے سے پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ سوشل میڈیا پر اپنے تعلقات سے متعلق پھیلنے والی خبروں پر ردعمل دیتے ہوئے علی رحمٰن خان نے کہا کہ انہیں سوشل میڈیا پر پھیلنے والی زیادہ تر افواہوں کا علم نہیں ہوتا لیکن بعض خبریں ان تک پہنچ جاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان سے متعلق ان کے مداحوں سمیت دوسرے افراد افواہیں پھیلاتے رہتے ہیں۔

جنید جمشید کس طرح ثناء خان کی زندگی پر اثر انداز ہوئے؟

لاہور (شوبز ڈیسک) دین اسلام کی خاطر بالی ووڈ کو چھوڑنے والی سابق بھارتی اداکارہ ثناء خان نے زندگی میں بہترین دوست کی اہمیت وخوبی پر روشنی ڈالی۔ حال ہی میں انہوں نے ایک انٹرویو کے دوران بتایا کہ جس طرح ان کے شوہر مفتی انس مرحوم جنید جمشید کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہیں، مرحوم نے ان کی زندگی اور زندگی کو دیکھنے کا نظریہ تبدیل کر دیا۔ انہوں نے بتایا کہ مرحوم جنید جمشید میرے شوہر کے اچھے دوست بھی تھے، ایک دفعہ میرے شوہر ان کے بارے میں بات کر رہے تھے کہ اللہ ان کی قبر کو روشن کرے، ان کی مغفرت فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے، اس وقت مجھے خیال آیا کہ اگر میری موت ہو جائے تو کیا میرے پاس ایسے دوست ہیں؟

گوہر رشید بھارت میں ہوتے تو وہاں کے مقبول ترین اداکار ہوتے، ابو علیحہ



لاہور (ویب ڈیسک) فلم ساز ابو علیحہ نے کہا ہے کہ اگر گوہر رشید بھارت میں ہوتے تو وہ اس وقت کے سب سے مقبول بولی وڈ اداکار ہوتے، یہاں ان کی قدر نہیں کی جا رہی، وہ انڈر ریٹڈ اداکار ہیں۔ ابو علیحہ نے حال ہی میں ایک انٹرویو میں مختلف موضوعات پر بات کرتے ہوئے یہ بھی اعتراف کیا کہ وہ انڈسٹری میں نئے ہیں، وہ بہت سارے اداکاروں سے سیکھتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ان سے متعلق مشہور ہے کہ وہ کم بجٹ میں فلمیں بناتے ہیں اور یہ حقیقت بھی ہے لیکن ایسا بلکل نہیں کہ وہ کام پر کمپرومائز کرتے ہیں۔ انہوں نے مثال دی کہ جیسا کہ انہوں نے جاوید اقبال اور پھر نکسالی گیٹ فلم بنائی اور دونوں کے بجٹ میں فرق تھا، اس لیے دیکھنے والوں نے بھی محسوس کیا کہ نکسالی گیٹ اچھی فلم تھی۔

میرا خاندان کپور نہیں شیخ ہے، جاوید شیخ کا بیٹی کے بیان پر ردعمل

لاہور (ویب ڈیسک) سینئر اداکار جاوید شیخ نے اپنے خاندان کو بھارت کے کپور خاندان جیسا قرار دینے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ان کا خاندان کپور نہیں شیخ ہے۔ ایک پروگرام میں جب ان سے سوال کیا گیا کہ کچھ عرصہ قبل ان کی بیٹی مومل شیخ نے ایک ٹی وی پروگرام میں اپنے خاندان کا موازنہ بھارت کے کپور خاندان سے کیا تھا۔ اس پر جاوید شیخ نے اپنا ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ انکے خاندان کے 9 یا 10 لوگ شوبز انڈسٹری کا حصہ ہیں، اگر وہ وہاں کا کپور خاندان ہے تو ان کا شیخ خاندان ہے۔

سنیتا مارشل کی جوائنٹ فیملی سسٹم کی کھل کر حمایت

لاہور (ویب ڈیسک) معروف پاکستانی اداکارہ و ماڈل سنیتا مارشل نے جوائنٹ فیملی سسٹم کی کھل کر حمایت کر دی۔ حال ہی میں اداکارہ سنیتا مارشل نجی ٹی وی کے مارننگ شو میں بطور مہمان شریک ہوئیں جہاں انہوں نے مختلف موضوعات پر کھل کر اظہار خیال کیا۔ پروگرام کے دوران جوائنٹ فیملی سسٹم کے حوالے سے بات کرتے ہوئے سنیتا مارشل کا کہنا تھا کہ سسرال کے ساتھ رہنے سے زندگی میں بہت سی آسانیاں پیدا ہو جاتی ہیں اور کسی بھی چیز کی فکر نہیں رہتی، سسرال میں رہنے کا پہلا بڑا فائدہ بچوں کی ذمہ داری سے نجات ہے کیونکہ گھر میں دادا دادی موجود ہوتے ہیں۔

معاشرے میں شعور کی کمی، ڈپریشن کو بیماری نہیں سمجھتے: صحیفہ جبار خٹک

کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستانی اداکارہ صحیفہ جبار خٹک نے ڈپریشن کے شکار مریضوں کو روحانی علاج کے مشورے دینا بے بنیاد قرار دے دیا۔ حال ہی میں اداکارہ نے نجی میگزین کی پوڈکاسٹ میں شرکت کی جہاں انہوں نے اپنے کیریئر اور بیماری سمیت مختلف چیزوں پر بات کی۔ اداکارہ صحیفہ جبار خٹک ڈپریشن کا شکار ہیں اور اکثر سوشل میڈیا پر اس حوالے سے کھل کر بات چیت کرتی اور اس سے متعلق آگاہی دیتی رہتی ہیں۔ حالیہ انٹرویو کے دوران انہوں نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ اب میں سوشل میڈیا پر آ کر یہ تو نہیں بتاؤں گی کہ میں نے کتنی نمازیں پڑھیں، قرآن پاک پڑھا یا نہیں، اگر بتاؤں گی تو اس پر بھی لوگ مجھے بولیں گے کہ اس طرح نماز نہیں پڑھتے، آپ کے ٹیٹو ہے، نماز نہیں ہوئی یا پھر آپ عمرے پر چلی جائیں یا شوبز چھوڑ دیں وغیرہ وغیرہ۔ اداکارہ نے کہا کہ جب ڈپریشن کے حوالے سے بات کرتی ہوں تو لوگ مجھے قرآن پاک پڑھنے، مختلف دعائیں اور اللہ تعالیٰ سے قربت بڑھانے کا مشورہ دیتے ہیں، جو میں پہلے ہی طویل عرصے سے کر رہی ہوں لیکن میں صحت یاب نہیں ہو رہی۔

حریم شاہ نے برطانوی سیاست میں قدم رکھ دیا



لندن (شوبز ڈیسک) معروف پاکستانی ٹک ٹاکر حریم شاہ نے دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے برطانوی سیاست میں قدم رکھ دیا ہے۔ حریم شاہ نے رواں سال کے آغاز میں برطانوی پارلیمنٹ کی رکن بننے کے ارادے کا اظہار کیا تھا۔ اب حال ہی میں انہوں نے 'جیو نیوز' سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ میں نے برطانیہ کی سیاست میں باضابطہ طور پر قدم رکھ دیا ہے اور برطانوی میں ہونے والے حالیہ الیکشن کے دوران لبرل ڈیموکریٹس کے لیے مہم بھی چلائی۔ حریم شاہ نے بتایا کہ میں نے برطانیہ میں لبرل ڈیموکریٹس کام کا آغاز کیا ہے اور میں لبرل ڈیموکریٹس کی مشکور ہوں کہ انہوں نے مجھے اس قابل سمجھا اور اپنی پارٹی کا حصہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ میری کوشش ہوگی کہ میں لبرل ڈیموکریٹس کی توقعات پر پورا اتروں گی اور اس ملک میں رہتے ہوئے اپنا بہتر کردار ادا کر سکوں۔

ریکھا آئیفا ایوارڈز میں 22 منٹ تک ڈانس پرفارم کرنے کیلئے پُرعزم

ممبئی (شوبز ڈیسک (سینئر بالی ووڈ اداکارہ ریکھا عالمی ایوارڈ شو آئیفا 2024ء میں 22 منٹ تک ڈانس پرفارم کریں گیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق 28 ستمبر کو ہونے والے آئیفا 2024ء میں ریکھا 22 منٹ تک فیشن ڈیزائنر منیش ملہوترا کے لباس میں 150 ڈانسرز کے ساتھ ڈانس پرفارم کرنے کے لیے پُر عزم ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ریکھا کا کہنا ہے کہ آئیفا میرے دل میں ایک خاص مقام رکھتا ہے، جو نا صرف ہندوستانی سنیما کے جشن کی بلکہ عالمی سطح پر فن، ثقافت اور محبت کے متحرک امتزاج کی نمائندگی بھی کرتا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ آئیفا کا ماحول گھر جیسا ہی ہے، جہاں بھارتی سنیما کا جادو حقیقتاً جان بھر دیتا ہے، مجھے گزشتہ کئی برسوں سے یہ اعزاز حاصل رہا ہے کہ میں اس کا تجربہ کر سکوں اور ایک بار پھر اس کا حصہ بننے پر اعزاز محسوس کر رہی ہوں اور اس ورثے کو آگے بڑھانے کے لیے پُر عزم ہوں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق عالمی ایوارڈز کا 24 واں ایڈیشن 3 روزہ میلہ 27 ستمبر سے 29 ستمبر تک جاری رہے گا، جس میں شرکت کے لیے ریکھا سمیت دیگر کئی بالی ووڈ شخصیات دبئی پہنچ رہی ہیں۔ 27 ستمبر کو پہلے دن آئیفا اتسوام کا دن ہے، جس میں 4 جنوبی بھارتی فلمی صنعتیں جشن منائیں گی۔ دوسرے دن یعنی 28 ستمبر کو آئیفا ایوارڈز کی رات ہے جبکہ تیسرا اور آخری دن موسیقی کی صنعت 'آئیفا رائز' کے لیے وقف کیا گیا ہے۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد ذیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

صدر سیالکوٹ چیمبر عبدالغفور ملک ایک شریف النفس انسان ہیں، ایوب خان

ایوب خان قابل صد احترام شخصیت ہیں ۔ صدر عبدالغفور ملک



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) بطور صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ عبدالغفور ملک نے بہتر دور گزارا۔ ان کے دو سالہ دور صدارت میں ایوان صنعت وتجارت میں غیر ملکی سفیروں کے دوروں کے دوران ہر دو ممالک کے مابین سیالکوٹ بزنس کمیونٹی کی کوالٹی پراڈکٹس کی امپورٹ ایکسپورٹس سمیت دوطرفہ تجارتی وفود کی آمد و رفعت اور ویزا پالیسیوں میں نرمی سمیت ایکسپوز و نمائشوں میں سیالکوٹ بزنس کمیونٹی کی سہولت کاری شامل رہی۔ان باتوں کا اظہار سابق نائب صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری محمد ایوب خان نے صدر عبدالغفور ملک کیساتھ خیر مقدمی ملاقات کے موقع پر کیا۔اس موقع پر نومنتخب صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اکرام الحق و ممبر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری خواجہ عامر جاوید بھی موجود تھے۔سیالکوٹ بزنس کمیونٹی کے فاؤنڈرز بزنس مینوں میں شامل سفیر صنعتکار کا کہنا تھا کہ ان کے دور میں جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی تزئین وآرائش بھی شامل ہے۔

پرائس کنٹرول کمیٹی کی جانب سے اشیائے خوردونوش کی نئی قیمتیں مقرر کردی گئیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ضلعی انتظامیہ کی پرائس کنٹرول کمیٹی کی جانب سے اشیائے خوردونوش کی نئی قیمتیں مقرر کر دی گئیں۔اشیائے خوردونوش کی قیمتیں مقرر کرنے کے حوالے سے پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کا زیر صدارت منعقد ہوا،جس میں ڈسٹرکٹ آفیسر انڈسٹریز رانا گلفام حیدر سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران، انجمن تاجران اور صارفین کے نمائندوں نے شرکت کی۔اجلاس میں چاول سپر باسمتی نیا فی کلو 210 روپے، چاول سپر باسمتی پرانا 240 روپے، دال چنا باریک 375، دال چنا موٹی 390، دال مسور موٹی 265، دال ماش دھلی 470، دال ماش چھلکا والی 445، دال مونگ دھلی 310، سیاہ چنے 390۔

میانوالی بنگلہ میں سکول کے بچوں سے بھرا تیز رفتار کیری ڈبہ الٹ گیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) موضع میانوالی بنگلہ میں سکول کے بچوں سے بھرا تیز رفتار کیری ڈبہ الٹ گیا پولیس اور ریسکیو کی طرف سے حادثہ سے لاعلمی کا اظہار تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز میانوالی بنگلہ میں سکول کے بچوں کو لے کر جانے والا کیری ڈبہ ڈرائیور کی غیر ذمہ داری اور تیز رفتاری کے باعث کنٹرول نہ ہوسکا اور الٹ گیا اور سپیڈ تیز ہونے کی وجہ سے کافی دور تک گھسٹتا ہوا دیوار کے ساتھ ٹکرا گیا کیری ڈبہ میں سوار طلباء کو معمولی چوٹیں آئیں تاہم معجزانہ طور پر محفوظ رہے اس سلسلہ میں رابطہ کرنے پر ریسکیو اور پولیس نے اس حادثہ سے لاعلمی کا اظہار کیا اور لوگوں نے اپنی مدد آپ کے تحت بچوں کو گاڑی سے نکال کر طبی امداد کیلئے قریبی ہسپتال پہنچایا۔

اوپن ڈور پالیسی کے تحت لوگوں کے مسائل سنے جاتے ہیں، ڈی پی او

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حکومت پنجاب کے احکامات کے مطابق روزانہ کی بنیاد پر اوپن ڈور پالیسی کے تحت لوگوں کے مسائل سنے جاتے ہیں اور ان کے حل کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے لوگوں کے مسائل سنے اور درخواستیں متعلقہ افسران کو مارک کرکے مختص کردہ ٹائم میں دادرسی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ڈی پی او نے کمپلینٹ سیل افسران کو درخواستوں کا فالو اپ لے کر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق پبلک سروس ڈیلیوری میں بہتری کیلئے تمام ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔ضلع بھر کے تمام تھانوں میں جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے شہریوں کی سہولت کیلئے اقدامات کیے گئے ہیں۔

ہم نبی رحمتؐ کی شفاعت کے ہر لمحہ محتاج ہیں، میاں محمد اسلم

رسولؐ کے احکام سے بغاوت کا رویہ اپنانے والے کس منہ سے شفاعت طلب کرسکیں



وزیر آباد (نامہ نگار) مسلم لیگ (ن) اٹلی کے چیئرمین میاں محمد اسلم نے کہا ہے کہ ہم نبی رحمتؐ کی شفاعت کے ہر لمحہ محتاج ہیں، آپؐ کی شفاعت کے مستحق عاصی وگناہ گار اہل ایمان تو ہو سکتے ہیں، مگر باغی اور سرکش لوگ بالکل بھی اہل نہیں ہو سکتے۔ایمان کا دعویٰ کرنیکے بعد بھی اللہ اور اس کے رسولؐ کے احکام سے بغاوت کا رویہ اپنانے والے کس منہ سے شفاعت طلب کرسکیں گے،فرائض وواجبات میں ایمان کا رتبہ سب سے اعلیٰ وبالا ہے، دنیا وآخرت کی تمام بھلائیاں اسی ایمان کے وجود اور اس کی صحت وسلامتی ہی پر منحصر ہیں۔ اس کے فوائد بے شمار ہیں، شیطانی وسوسے سے بچنے کیلئے دلوں میں توکل اور یقین کا چراغ روشن کرنا ہو گا۔حب الٰہی کیلئے اخلاص اور تقویٰ کی دولت سے مالا مال ہونیکی ضرورت ہے، دوسروں میں عیب تلاش کرنے سے بہتر ہے کہ انسان اپنے عیبوں کو ختم کرے، اصلاح احوال کیلئے یہ بہترین طریقہ ہے۔سیرت رسولؐ اپنانے کے اصلاح قلب وباطن کا ساماں کیا جاسکتا ہے۔

برک کلن اونرز ایسوسی ایشن نکانہ صاحب کی ڈپٹی کمشنر سے ملاقات

تمام بھٹہ مالکان 30 ستمبر 2024 تک جمع کروا دیں، ملک اظہر حیات



نکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) بھٹہ جات پر لاگو سیل ٹیکس کے حوالے سے برک کلن اونرز ایسوسی ایشن نکانہ صاحب کی ڈپٹی کمشنر FBR نکانہ صاحب کے ساتھ میٹنگ کا انعقاد۔تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر FBR نکانہ ملک اظہر علی حیات نے چیف کمشنر احمد شجاع خان RTO لاہور کمشنر بلال حسن زون ون RTO لاہور، ایڈیشنل کمشنر سارم بھٹی کی ہدایات پر برک کلن اونرز ایسوسی ایشن نکانہ صاحب کے عہدیداران کے ساتھ بھٹہ جات پر لاگو سیل ٹیکس کے حوالے سے دفتر FBR نکانہ صاحب میں میٹنگ کا انعقاد کیا۔جس میں گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر ملک اظہر علی حیات نے کہا کہ گورنمنٹ نے ریلیف پیکج کے زریعے بھٹہ مالکان سے سیل ٹیکس کی وصولی جولائی 2024 سے دس ہزار روپے ماہانہ کردی ہے جو تمام بھٹہ مالکان 30 ستمبر 2024 تک جمع کروادیں بصورت دیگر مقررہ مدت کے بعد قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

شہر وگردونواح میں سودی کاروبار عروج پر، سادہ لوح شہری ذلیل وخوار

ادارے اپنی آنکھیں کھولیں اور سودی لین دین کو فروغ دینے والوں کا سدباب کریں، شہری

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) شہر وگردونواح میں سودی کاروبار عروج پر سود پر پیسے دینے والے افراد اور اداروں کی بھرمار لوگوں کو کاروبار کو بڑھانے کا جھانسہ دے کر سود پر پیسے لینے کیلئے قائل کیا جاتا ہے اور پھر حیلوں بہانوں سے زلیل خوار کیا جاتا ہے سود اللہ کے ساتھ جنگ اور اسلام دشمنی کا ثبوت ہے ادارے اپنی آنکھیں کھولیں اور سودی لین دین کو فروغ دینے والوں کا سدباب کریں شہریوں کی گفتگو تفصیل کے مطابق نارنگ منڈی اور گردونواح میں سود پر لین دین کرنے والے افراد اور اداروں کی بھرمار ہے جو سادہ لوح غربت سے مجبور لوگوں کو مختلف طریقوں اور حیلوں بہانوں سے سود پر پیسے لینے کیلئے قائل کرتے ہیں اور پھنسا لیتے ہیں جبکہ شریعت میں سود کی سختی سے ممانعت کی گئی ہے اسے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کھلی جنگ قرار دیا گیا ہے اہل علاقہ نے اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ سودی کاروبار کو فروغ دینے والے افراد اور اداروں کا قلع قمع کیا جائے اور لوگوں کو ان کے شر سے بچایا جائے۔

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب کی زیر صدارت حفاظتی ٹیکوں کی کیچ اپ مہم

قائمقام سی او ہیلتھ ڈاکٹر ذیشان شبیر، علماء اکرام کے علاوہ دیگر متعلقہ افسران اجلاس میں شریک



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راوئی زیر صدارت حفاظتی ٹیکوں کی کیچ اپ مہم کے سلسلہ میں اجلاس کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔قائمقام سی او ہیلتھ ڈاکٹر ذیشان شبیر، علماء اکرام کے علاوہ دیگر متعلقہ افسران اجلاس میں شریک تھے۔سی او ہیلتھ نے حفاظتی ٹیکوں کی بڑی کیچ اپ مہم بارے اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دی۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ حفاظتی ٹیکوں کی بڑی کیچ اپ مہم یکم اکتوبر 2024 سے شروع ہونے جارہی ہے، مہم کے دوران پانچ سال تک عمر کے ایسے بچے جو کسی وجہ سے حفاظتی ٹیکہ جات نہیں لگوا سکے ان بچوں کی سو فیصد کوریج کو یقینی بنایا جائے گا۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ای پی آئی اور محکمہ صحت کے افسران مائیکرون پلان کے تحت حفاظتی ٹیکہ جات کی کیچ اپ مہم پر عملدرآمد یقینی بنائیں اور تمام فیلڈ ٹیموں کی باقاعدگی سے مانیٹرنگ کی جائے تاکہ پانچ سال کی عمر تک کا کوئی بھی بچہ حفاظتی ٹیکوں سے محروم نہ رہے۔

ڈی ایس پی چوآسیدن شاہ ابراہیم وڑائچ کی زیر صدارت علاقہ جھنگڑ میں کھلی کچہری

مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد اور مقامی صحافی برادری سمیت سائلین کی بڑی تعداد نے شرکت



چوآسیدن شاہ (ایو ایوب سلطانی) ڈی ایس پی چوآسیدن شاہ ابراہیم وڑائچ کی زیر صدارت علاقہ جھنگڑ کے مرکز بشارت میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں علاقہ جھنگڑ سے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد اور مقامی صحافی برادری سمیت سائلین کی بڑی تعداد نے شرکت کی،اس موقع پر ڈی ایس پی ابراہیم وڑائچ نے سائلین کے مسائل سن کر موقع پر حل کرنے کے احکامات جاری کیے جبکہ پیچیدہ مسائل حل کرنے کی یقین دہانی بھی کروائی کھلی کچہری میں شریک لوگوں نے پولیس چوکی بشارت کے سیکورٹی کے حوالے سے اٹھائے جانیوالے اقدامات کو سراہا اور ڈی ایس پی چوآسیدن شاہ ابراہیم وڑائچ سے علاقہ میں پولیس کا مزید گشت بڑھانے پر زور دیا جس کے جواب میں ڈی ایس ابراہیم وڑائچ نے شرکاء کو یقین دہانی کروائی کہ علاقہ جھنگڑ میں ناکہ بندی کا سلسلہ مزید سخت کرکے پولیس گشت کو چوبیس گھنٹے تک بڑھایا جائیگا۔

نئی الاٹمنٹ کیخلاف درخواستوں کے حکم امتناعی میں توسیع

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) لاہور ہائیکورٹ نے ضلع اوکاڑہ اور اسکی تمام تحصیلوں میں بلدیہ دکانوں کی نیلامی کے ذریعے کرایوں میں اضافے اور نئی الاٹمنٹ کیخلاف درخواستوں میں حکم امتناعی میں توسیع کر دی۔عدالت نے پنجاب حکومت، ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ، سیکرٹری قانون، سیکرٹری محکمہ بلدیات سمیت دیگر فریقین کو 28 اکتوبر تک جواب جمع کرانے کی مہلت دیدی۔مسٹر جسٹس شمس محمود مرزا نے اوکاڑہ، بصیر پور، دیپالپور، رینالہ خورد کے سینکڑوں دکانداروں کی درخواستوں میں پر سماعت کی۔دکانداروں کی طرف سے میاں داؤد ایڈووکیٹ پیش ہوئے اور نشاندہی کی کہ پنجاب حکومت اور ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ کی طرف سے دانستہ طور پر جواب جمع نہیں کرایا گیا۔

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی کا سالانہ میٹنگ نینس شیڈول جاری

جھنگ (بیورو رپورٹ) چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی خصوصی ہدایت پر فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) نے تمام آپریشن سرکلز میں سالانہ میٹنگ نینس شیڈول جاری کر دیا ہے۔ایلون کے وی ڈسٹری بیوشن سسٹم اور گرڈ سٹیشنز پر یکم بھال کے کام کیلئے سٹاف کو ضروری سامان اور ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ٹرانسفارمر زاور ٹرانسمیشن لائینز کی میٹنگ نینس کیلئے درختوں کی کٹائی اور کانٹ چھانٹ، تاروں کی تبدیلی، گرڈ سٹیشنز پر سرکٹ بریکرز کی ٹیسٹنگ اور ٹاورز پر ڈسک کی صفائی اور تبدیلی کی جائے گی جبکہ دوران کام مختلف فیڈرز کو مختلف دورانیے کیلئے شٹ ڈاؤن بھی کیا جائے گا۔چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایات پر فیلڈ سٹاف نے مختلف فیڈرز کی پیٹرولنگ کی تھی اور کام کی نوعیت کا تعین کرلیا گیا تھا۔اب موسم بہتر ہوتے ہی شیڈول مرتب کرکے سالانہ میٹنگ نینس شروع کر دی گئی ہے۔

اوکاڑہ: او سی ایم اے کی حلف برداری تقریب مکمل

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) او سی ایم اے کی حلف برداری تقریب مکمل۔تقریب میں سیاسی سماجی سول سوسائٹی اور وکلا سمیت صحافیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی تقریب کے مہمان خصوصی فیاض ظفر تھے تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کینٹ میں ایسوسی ایشن گروپ کی تیسری پروقار تقریب حلف برداری منعقد کی گئی جس میں مہمان خصوصی اوکاڑہ کے ایم این اے چوہدری ریاض الحق جج کے بھائی فیاض ظفر تھے اور مہمان ارشد چوہدری کے بیٹے محامل ارشد نے بھی بھرپور شرکت کی اور آنے والے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اس موقع پر سرپرست اعلیٰ عباس علی جٹ۔اور سینئر کیمرہ مین ضیغم عباس شیخ عمر استاد ندیم قیصر اعجاز عمران نوری بھی موجود تھے تقریب حلف برداری فیاض ظفر نے منتخب عہدیداران سے حلف لیا۔

شاہد گہگ کو آر ڈینیٹر اوورسیز وزیر اعظم مقرر، مبارکبادوں کا سلسلہ جاری

حافظ شاہد کی عوامی خدمات لازوال ہیں ۔ ملک شاہد، عمر بٹ



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) معروف بزنس مین عمر بٹ نے سابقہ کونسلر ملک خالد کے ہمراہ سیاسی وسماجی رہنما حافظ شاہد گہگ کو انکے عہدے کا باضابطہ چارج سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے ۔ واضح رہے کہ سیالکوٹ سے تعلق رکھنے والے سیاسی رہنما حافظ شاہد گہگ کو وزیر اعظم پاکستان محمد شہباز شریف کا کوآرڈینیٹر برائے اوورسیز پاکستانی مقرر کیا گیا ہے۔سیالکوٹ بزنس کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے حافظ شاہد گہگ کا شمار وفاقی وزیر دفاع پاکستان خواجہ محمد آصف کے قریبی ساتھیوں میں ہوتا ہے ۔ کوآرڈینیٹر وزیر اعظم پاکستان مقرر ہونے کے بعد شہر اقبال آمد کے بعد شہر اقبال کے مختلف مکاتب فکر کے عمائدین کی جانب ان کیلئے مبارکبادوں کا سلسلہ جاری ہے۔اس موقع پر کوآرڈینیٹر وزیر اعظم پاکستان نے سنیئر میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں اللہ تعالیٰ کے بعد میرے قائد خواجہ محمد آصف وفاقی وزیر دفاع اور اپنے شہریوں و احباب کا دل کی اتھاہ گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔

ٹیکسز اہداف کا حصول مکمل کرنے کا سالانہ اعزاز برقرار رکھا جائے گا، سید معین شاہ

محکمہ ایکسائز شیخوپورہ مفرد کارکردگی اور افسران وملازمین کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو ثابت کرے گا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر سید معین شاہ نے کہا ہے کہ ٹیکسز اہداف کا حصول مکمل کرنے کا سالانہ اعزاز برقرار رکھا جائے گا گزشتہ برس کی طرح امسال بھی محکمہ ایکسائز شیخوپورہ اپنی مفرد کارکردگی کے ذریعے افسران وملازمین کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو ثابت کرے گا پنجاب بھر میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر جس طرح پذیرائی ملی اس سے بڑی حوصلہ افزائی ہوئی ہے اور افسران وعملہ کی کارکردگی میں مزید بہتری آئی ہے محکمہ کی مربوط کارکردگی ہمارے بہترین ورکنگ ریلیشن شپ کا سبب ہے جسے آئندہ بھی برقرار رکھا جائے گا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایکسائز انسپکٹرز حامد خان، عبدالستار، رانا اعجاز اور محمد عثمان، کستوری لال، مہتاب احمد خان، نثار حسین شاہ، فریاد گجر کے ہمراہ میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا،ای ٹی او سید معین شاہ نے کہا کہ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن حکومت کا وہ کلیدی ادارہ ہے جو ٹیکسز کی وصولی یقینی بنا کر ریاستی امور کو چلانے میں نہایت اہم کردار ادا کرتا ہے محکمہ کے ذمہ ٹیکوں کی وصولی کے اہداف کی تکمیل ہی سے ترقیاتی کاموں کی انجام دہی ممکن ہوتی ہے کیونکہ حکومت وریاست عوام سے حاصل کئے گئے ٹیکوں کو عوام کی فلاح وبہبود پر خرچ کرتی ہے۔

کمشنر ساہیوال ڈویژن کی کارپوریشن کی طرف سے کرائے پر دی گئی دوکانوں سے کرایہ وصولی کا کام تیز کرنیکی ہدایات



کوارڈینیشن خالد محمود گیلانی، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ سمیت دیگر محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں سی او شیخ اشفاق احمد نے بتایا کہ اب تک کرایوں کی مد میں 5 کروڑ 35 لاکھ 98 ہزار روپے وصول کئے جا چکے ہیں جو کل وصول کئے جانے والے کرائے 29 کروڑ 90 لاکھ 63 ہزار کا 18 فیصد ہے۔اجلاس میں بتایا گیا کہ اندرون جی ٹی روڈ اور ریلوے روڈ لاری اڈوں سے فیس کی وصولی بھی جاری ہے جو بالترتیب 47 ہزار روپے اور 17 ہزار روپے روزانہ ہے۔کمشنر شعیب اقبال سید نے وصولی کی شرح بڑھانے کی ہدایت کی۔

سہیوال (مہر اے ڈی نسیم پراسے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے شہر میں میونسپل کارپوریشن کی طرف سے کرائے پر دی گئی دوکانوں سے کرایہ وصولی کا کام تیز کرنے کی ہدایت کر دی، دوکانداروں سے تمام بقایا جات کی وصولی ہر صورت یقینی بنائی جائے کمشنر کی ہدایت۔وہ یہاں اپنے دفتر میں پسپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں ڈی جی پی ایچ اے محمد اکرام ملک، ایڈیشنل کمشنر ٹیم اے ایس آئی خالد مغل کے ہمراہ رحمانپورہ میں بڑی کاروائی کے دوران دس کلو سے زائد منشیات پکڑلی جس میں سات کلو چرس آئس اور بھاری مقدار میں افیون پکڑلی اور ملزم احمد حسن کیخلاف تھانہ سٹی میں مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کی جارہی ہے ڈی ایس پی غلام مرتضیٰ ڈوگر کی سربراہی میں جرائم پیشہ افراد کیخلاف بلا امتیاز کاروائیاں جاری رہے گی ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ نے سٹی پولیس کی کارکردگی پر شاباش دی۔

مسلح ڈاکو گن پوائنٹ پر لاکھوں روپے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ ڈکیتی کی دو مختلف وارداتوں میں آتشیں اسلحہ سے مسلح ڈاکو گن پوائنٹ پر لاکھوں روپے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق پیو پاری اسماعیل ولد نذر لور ڈر رکشہ میں سوار ہو کر جارہا تھا کہ اچانک راستے میں تھانہ شاہور کے قریب آتشیں اسلحہ سے مسلح نامعلوم ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر روکا اور گن پوائنٹ پر پیو پاری اسماعیل سے 2 لاکھ 80 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے۔ دوسری واردات میں تھانہ گوگیرہ کی حدود میں واپڈا لائن مین محمد خالں اپنی موٹر سائیکل پر سوار ہو کر جارہا تھا کہ اچانک آتشیں اسلحہ سے مسلح نامعلوم ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر روکا اور گن پوائنٹ پر اس سے موٹر سائیکل اور ہزاروں روپے نقدی چھین کر فرار ہو گئے۔

تیز رفتار ٹرک کی ٹکر سے کار سوار دونو جوان شدید زخمی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) تیز رفتار ٹرک کی ٹکر سے کار سوار دو نوجوان شدید زخمی تھانہ صدر کے علاقہ دھید ووالی کا رضوان اپنی کار میں جاسم اور فیضان کے ہمراہ جارہا تھا کہ اسی دوران ان کی کار کو پیچھے سے آنیوالے تیز رفتار ٹرک نے ٹکر مار دی جس کے نتیجہ میں جاسم اور فیضان شدید زخمی ہو گئے جنہیں طبی امداد کیلئے سول ہسپتال پہنچا دیا گیا اور ٹرک ڈرائیو رموقع سے فرار ہو گیا پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

امانت پر لی 144 سولر پلیٹیں ہڑپ کرنے پر تین ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) امانت پر لی 144 سولر پلیٹیں ہڑپ کرنے پر تین ملزمان کیخلاف مقدمہ درج کر کے حسن نے ملزمان لیاقت ،وسیم امین اور اویس کے پاس 144 سولر پلیٹیں بطور امانت رکھوائیں کافی عرصہ گزرنے پر جب نے ملزمان سے اپنی دی ہوئی سولر پلٹوں کی واپسی کا مطالبہ کیا تو ملزمان صاف انکاری ہو گئے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

دو بھائیوں کا رکشہ ڈرائیور پر تشدد سریا کے وار کر کے زخمی کر دیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دو بھائیوں کا رکشہ ڈرائیور پر تشدد سریا کے وار کر کے زخمی کر دیا تھانہ صدر کے علاقہ موسے والا کا یعقوب اپنے رکشہ سے بچوں کو اتار کر واپس آرہا تھا کہ اس کو نشہ میں دھت ملزم زوہیب نے روک لیا اور گالیاں دینا شروع کر دیں اسی دوران اس کا بھائی طلحہ آیا اور اس نے آتے ہی اس کو سریا کیساتھ تشدد کا نشانہ بنانا شروع کر دیا پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین کی تمام اضلاع کو سیف سٹیز پراجیکٹ شروع کرنے کی ہدایت

19 اضلاع میں سیف سٹیز پراجیکٹ تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں، چیئر پرسن



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) چیئر پرسن چیف منٹر ڈائریکٹوریٹ آف کمپلینٹ سیل پنجاب بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبے کے تمام اضلاع کو سیف سٹیز پراجیکٹ شروع کرنے کی ہدایت کی اور سیالکوٹ سمیت 19 اضلاع میں سیف سٹیز پراجیکٹ تکمیل کے آخری مراحل میں ہے جس سے ناصرف جرائم کی بیخ کنی کرنے میں مدد ملے گی بلکہ شہر میں تجاوزات ، صفائی اور ٹریفک جیسے مسائل کی مانیٹرنگ موثر طریقے سے انجام پائے گی اور اداروں کی خدمات کا معیار بہتر ہونے سے عوام کا اداروں پر اعتماد بحال ہوگا، یہ بات انہوں نے سیالکوٹ میں سیف سٹیز پراجیکٹ کے آخری مراحل میں ہونے کے بعد شہر اقبال کے مختلف مکاتب فکر کے عمائدین کیساتھ ان کیمپ آفس میں ملاقات کے دوران کہی۔ اس موقع پر ڈی پی او آفس سیالکوٹ کے میٹنگ روم ضلعی پولیس، ٹریفک، انوسٹی گیشن، سی ٹی ڈی، سی آئی اے، سپیشل برانچ، سیکیورٹی برانچ۔ اور لیگل ڈیپارٹمنٹ کے مقامی حکام کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ بریگیڈیئر ر بابر علاؤالدین نے کہا کہ پولیس کو سائلین کے ساتھ رویہ بہتر بنانے کیلئے اس ادارے کی امیج بلڈنگ ہوگی۔انہوں نے کہا کہ جرائم کی نوعیت کے اعتبار سے ایف آئی آر کے اندراج کا وقت متعین کر دیا گیا ہے جبکہ پیپر لیس آن لائن ایف آئی اے کی وجہ سے اب ایف آئی آر میں ردو وبدل کی گنجائش بھی ختم ہوگئی ہے۔

ایس ایچ او تھانہ سٹی سلیم اختر نیازی کی اپنی ٹیم کے ہمراہ بڑی کاروائی

قبضہ سے 10 کلو سے زائد منشیات برآمد ڈی پی او شیخوپورہ کی شاباش

مریدکے (تحصیل رپورٹر) ڈی ایس پی غلام مرتضیٰ ڈوگر کی سربراہی میں ایس ایچ او تھانہ سٹی سلیم اختر نیازی کی اپنی ٹیم کے ہمراہ بڑی کاروائی رحمانپورہ سے بدنام زمانہ ریکارڈ یافتہ منشیات فروش احمد حسن کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا جس کے قبضہ سے 10 کلو سے زائد منشیات برآمد ڈی پی او شیخوپورہ کی شاباش تفصیل کیمطابق ڈی ایس پی سرکل مریدکے غلام مرتضیٰ ڈوگر کی سربراہی میں ایس ایچ او تھانہ سٹی مریدکے سلیم اختر نیازی کا اپنی ٹیم اے ایس آئی خالد مغل کے ہمراہ رحمانپورہ میں بڑی کاروائی کے دوران دس کلو سے زائد منشیات پکڑلی جس میں سات کلو چرس آئس اور بھاری مقدار میں افیون پکڑلی اور ملزم احمد حسن کیخلاف تھانہ سٹی میں مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کی جارہی ہے ڈی ایس پی غلام مرتضیٰ ڈوگر کی سربراہی میں جرائم پیشہ افراد کیخلاف بلا امتیاز کاروائیاں جاری رہے گی ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ نے سٹی پولیس کی کارکردگی پر شاباش دی۔

چکوال ایلیٹ فورس کے شہید کانسٹیبل طاہر رضا شاہ کی نماز جنازہ ادا

ایم پی اے چوہدری حیدر سلطان، کمشنر راولپنڈی ڈویژن، آر پی او راولپنڈی ریجن چکوال پولیس کے تمام یونٹس کے افسران وملازمین وسرکاری افسران وسٹاف کی شرکت



چکوال (ایم ایوب سلطانی) ایم پی اے چوہدری حیدر سلطان کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک، ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن بارسرفراز الپا چکوال پولیس کے تمام یونٹس کے افسران وملازمین، ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے افسران و پبلک کی کثیر تعداد نے نماز جنازہ میں شرکت کی نماز جنازہ کے بعد پولیس کے چاک وچوبند دستے نے شہید کی خدمات کے اعزاز کو سراہتے ہوئے انہیں سلامی پیش کی۔نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد شہید کے جسد خاکی کو انکے آبائی گاؤں کرسال روانہ کر دیا گیا جہاں انہیں سرکاری اعزازات کیساتھ سپرد خاک کر دیا گیا۔

نارنگ پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی

6 کلو کے قریب چرس اور 25 لیٹر شراب برآمد کر کے ملزمان کو گرفتار کرلیا

نارنگ منڈ (نمائندہ خصوصی) نارنگ پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی 6 کلو کے قریب چرس اور 25 لیٹر شراب برآمد کر کے ملزمان کو گرفتار کرلیا مقدمات فرح تفصیل کے مطابق ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کی ہدایت پر ایس ڈی پی او غلام مرتضیٰ ڈوگر کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ نارنگ انسپکٹر شاہ فیصل نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے پونے 6 کلو چرس اور 25 لیٹر شراب برآمد کر کے ملزمان کو گرفتار کرلیا چھڑ کے قریب ننگل بچھڑ کے رہائشی فیاض اور چکرالی کے قریب شکر گڑھ کے رہائشی شہزاد کے قبضہ سے 2,2 کلو اور نارنگ سے بدوملہی کی طرف جاتے ہوئے شکر گڑھ کے رہائشی جاوید انور سے 1870 گرام چرس جبکہ کالا خطائی کے رہائشی طاہر کے قبضہ سے 35 لیٹر دیسی شراب برآمد کرلی گئی ہے اس ایچ او تھانہ نارنگ شاہ فیصل نے سٹی پریس کلب نارنگ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے گرد گھیرا تنگ کر دیا گیا ہے منشیات فروش ناسور ہیں ان کو جڑ سے کاٹ دیں گے۔

پولیس کے شیر جوان خود ڈکیت نکلے، مقدمات درج کرلیا گیا

ملزمان میں فخر چدھڑ، ذیشان علی، رضا علی سفیان سمیت 7 ملزمان شامل

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پولیس کے شیر جوان خود ڈکیت نکلے چنیوٹ پولیس کے چار اہلکاروں کے خلاف تھانہ بھوانہ میں ڈکیتی کا مقدمہ درج کرلیا گیا تفصیلات کے مطابق کوتلہ شہزادہ کے رہائشی سجاد حسین کے ساتھ ڈکیتی کی واردات سامنے آئی ہے۔ڈکیت گینگ میں چار پولیس اہلکاروں جن میں فخر چدھڑ، ذیشان علی، رضا علی سفیان سمیت 7 ملزمان شامل ہیں سجاد حسین نے اڈا جامعہ آباد پر ملک سینٹر بنایا ہوا ہے ایف آئی آر کے مطابق دو پولیس اہلکار باوردی تھے ساتھیوں

''قوت'' کلاسیفائیڈ
روزنامہ قوت لاہور
ڈیمانڈ، سپلائی، ٹریڈ

تمام اشتہارات نیلے نیلی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات سطر اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے جائیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

نمبر	تفصیلات	
1	ایبٹ آباد کے بعد حالی ضلعے پر زلزلوں کی تعداد 12، 4 شدت کے حامل ضلعے پر خوف وہراس کی وجہ سے لوگ گھروں سے باہر نکل آئے، ایبٹ آباد کے مختلف علاقوں میں شدید زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے، مرکز زلزلہ ایبٹ آباد سے 8 کلومیٹر دور بتایا گیا، ریکٹر اسکیل پر زلزلے کی شدت 4 ریکارڈ کی گئی، زلزلے کے جھٹکے 10 سیکنڈ تک محسوس کئے گئے، زلزلے کے بعد لوگ گھروں سے باہر نکل آئے، زلزلے کے بعد ایبٹ آباد میں 3 زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے، زلزلے کے جھٹکے 10 سیکنڈ تک محسوس کئے گئے، زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے، زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے، زلزلے کے جھٹکے

ریلوے پریم یونین کا غزہ جماعت اسلامی کی ممبرشپ مہم بھرپور ساتھ دینے کا فیصلہ

ملازمین کی برطرفیاں اور ٹرینوں کی نجکاری کے خلاف یونین کھری ہے۔ ملازمین کے حق کے حصول کیلئے ہر قربانی دینے کو تیار ہے۔ ریلوے ملازمین 34

ریلوے کے ملازمین کو بھی ذہنی اذیت دی جا رہی ہے اور کہا جا رہا ہے کہ حکومت کے ٹھگ میں ہڈی بن جائے گا۔ ریلوے ملازمین کی پشت پر پریم

ڈی ایس آفس لاہور میں ممبرشپ کیمپ کے افتتاح کے موقع پر ریلوے پریم یونین کے مرکزی چیئرمین ضیاء الدین انصاری خطاب کر رہے ہیں، صدر شیخ محمد انور، ڈویژنل صدر فیاض احمد اور دیگر موجود ہیں

محکمہ صحت پنجاب نرسنگ شعبہ کی بہتری کیلئے جدید اصلاحات لا رہی ہے

نرسنگ شعبہ کو نظام صحت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے۔ نرسنگ ٹریننگ کے دوران ماسٹر ٹرینرز پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں

صوبائی وزیر صحت کی محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن سیکرٹریٹ کونسل کے اجلاس میں خصوصی شرکت

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں سپیشل انٹوسٹ سیکرٹریٹ کونسل کے اجلاس میں خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر سپیشل سیکرٹری ڈویلپمنٹ سید واجد علی شاہ، ڈائریکٹر صحت سندھ اور دارالبیرو سمیت دیگر محکمہ جات کے افسران نے شرکت کی۔ نرسنگ اور مڈوائفری کیلئے

بیلٹ آؤٹ پیکج کی منظوری، اسٹاک ایکسچینج میں نیا ریکارڈ، روپے کے مقابلے میں ڈالر کو جھٹکا

آئی ایم ایف سے قرض معاہدے کے بعد اسٹاک ایکسچینج میں زبردست تیزی

کراچی (این این آئی) پاکستانی روپے کے مقابلے میں امریکی ڈالر کی قدر مزید گر گئی۔ انٹربینک میں ڈالر مزید 34 پیسے سستا ہو گیا۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مطابق کاروباری ہفتے کے چوتھے روز انٹربینک میں ڈالر کی قیمت میں 34 پیسے کی ہوئی

اکتوبر میں ڈینگی کیسز میں اضافے کا خدشہ ہے، محکمہ موسمیات کا الرٹ جاری

کراچی، لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی، فیصل آباد، سیالکوٹ، ملتان، حیدرآباد اور لاڑکانہ میں زیادہ خطرہ

اسلام آباد (این این آئی) ڈینگی بخار میں واضح اضافہ سامنے آنے پر محکمہ موسمیات نے ڈینگی الرٹ جاری کر دیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق مون سون کے بعد ڈینگی وبا میں واضح اضافہ ہوتا ہے اور تجربہ سے ثابت ہوا ہے کہ ڈینگی کیسز اکتوبر میں بڑھنے کا خدشہ ہے۔ ملک کے بڑے شہروں میں ڈینگی وبا کے خطرات زیادہ ہیں جن کراچی، ملتان، حیدرآباد اور لاڑکانہ شامل ہیں۔ محکمہ



لاہور، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

عدالت نے ٹک ٹاکر ندیم نانی والا کو مقدمے سے دستبرداری کر دیا

لاہور (این این آئی) لاہور کی مقامی عدالت نے ٹک ٹاکر ندیم بانی والا کو غیر قانونی نمبر پلیٹ استعمال کرنے کے مقدمے سے دستبرداری کر دیا۔ کینٹ کچہری لاہور میں ٹک ٹاکر ندیم بانی والا کی غیر قانونی نمبر پلیٹ استعمال کرنے کے مقدمے کی سماعت ہوئی، عدالت نے ٹک ٹاکر ندیم بانی والا کو مقدمے سے دستبرداری اور بار کونسل کے رکن کے طور پر کام کرنے کا حکم دے دیا۔ فیصلے میں ریمارکس دیے گئے ہیں کہ ملزم کیخلاف الزامات ثابت کرنے کیلئے کوئی ثبوت موجود نہیں، ملزم کیخلاف ریکارڈ کا بیان ریکارڈ پر موجود نہیں ہے، ملزم کیخلاف الزامات ثابت کرنے کیلئے کوئی ثبوت موجود نہیں۔

حکمران طبقے کو عوام کی مشکلات کا کوئی احساس نہیں، نگران وزیراعظم حسین

لاہور (این این آئی) جمعیت علما اسلام (س) لاہور کے امیر مرکزی سالار مولانا قاری عظیم حسین نے کہا ہے کہ حکمران طبقے کو عوام کی مشکلات کا کوئی احساس نہیں، عوام مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں جبکہ حکمرانوں کی طرف سے کوئی ریلیف یا مدد نہیں دی جا رہی، موجودہ نظام میں غریب طبقے کو اپنے لئے انصاف کیا جا رہا ہے جیسے انہیں جینے کا کوئی حق حاصل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میرانوا میں عید الاضحیٰ کے اجتماع سے خطاب میں کیا۔ ایک ضلع

ایک سے دوسری جیل منتقل ہونے والے قیدیوں کو اپیل کا حق دیدیا گیا

ڈی آئی جی جیل کے حکم کیخلاف آئی جی جیل، آئی جی جیل کی اپیل سیکرٹری داخلہ کو بھی کام نہ آسکی

لاہور (کرائم رپورٹر) ایک سے دوسری جیل منتقل ہونے والے قیدیوں کو اپیل کا حق دے دیا گیا۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب کی جانب سے رپورٹ لاہور ہائیکورٹ میں پیش کر دی گئی۔ اے آئی جی جوڈیشل جیل ڈاکٹر قدیر عالم نے رپورٹ جمع کروائی۔ رپورٹ کے مطابق ایک سال میں تین مرتبہ جیل قوانین کی خلاف ورزیوں پر قیدی کو دوسری جیل منتقل کیا جا سکے گا۔ انتظامی امور پر ایک سے دوسری جیل منتقل ہونے والے قیدی کو اپیل کا حق دے دیا گیا ہے۔

موجودہ حکومت امن وامان قائم کرنے میں ناکام ہو چکی، سنی علما کونسل

دن دیہاڑے عوام لٹ رہے، بے گناہ افراد کو موت کی نیند سلایا جا رہا ہے، مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور و مرکزی رہنما مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت امن وامان قائم کرنے میں ناکام ہو چکی، حکومت عوام کے لئے کوئی ریلیف اقدامات نہیں کر رہی جو کیا جا رہا ہے وہ صرف وقتی لالیپاں ہیں، دن دیہاڑے عوام لٹ رہے ہیں بے گناہ افراد کو موت کی نیند سلایا جا رہا ہے۔ اپنے جاری مظالم پر انہوں نے کہا کہ افسران کروں میں بیٹھ کر سوشل میڈیا کا سہارا لے کر اپنے تئیں بچانے کے چکر میں ہیں دن دیہاڑے لوگ لٹ رہے ہیں شہری اپنے گھروں میں محفوظ نہیں عام آدمی بجلی کے بل ہاتھوں میں لئے مارے مارے پھر رہے ہیں۔

بین الاقوامی میڈیکل ٹیچرز کا دورہ جنرل ہسپتال، پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر کی بریفنگ

رائل کالج آف فزیشنز گلاسگو کی سابق صدر ڈاکٹر سارہ ملارک کی زیر صدارت ایکٹ کونسل کا اجلاس

سینئر ڈاکٹر کو بہتر علاج کیلئے ایک دوسرے کے تجربات سے مستفید ہونا چاہیے، اجلاس میں برطانیہ سے سیشنوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اُن سے اپنے تجربات کی روشنی میں مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ فیزیکل میڈیسن اینڈ ریہبلی ایشن کے ہیڈ ایچ ایچ بی

وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایت پر صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر صوبہ میں انسولین کی کمی، ادویات کی قیمتوں میں اضافہ کی روک تھام کیلئے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سے کوئٹہ بار ایسوسی ایشن کے صدر قاری رحمت اللہ کی وفد کے ہمراہ ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید سلیم الدین سے کوئٹہ بار ایسوسی ایشن کے صدر قاری رحمت اللہ کی وفد کے ہمراہ پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی۔ جمعرات کو سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات



لاہور، وزیر قانون ملک صہیب احمد بھرتھ اعلیٰ سطحی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

''پروونشل پولیس کمپلیمنٹ اتھارٹی'' کے قیام کے حوالے سے اہم پیش رفت

وزیر قانون ملک صہیب احمد بھرتھ کی زیر صدارت محکمہ داخلہ میں ہائی پاور کمیٹی کا پہلا اجلاس، ٹی او آرز پر کام کا آغاز

لاہور (این این آئی) ''پروونشل پولیس کمپلینٹ اتھارٹی'' کے قیام کے حوالے سے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ صوبائی وزیر قانون ملک صہیب احمد بھرتھ کی زیر صدارت محکمہ داخلہ میں صوبائی پولیس کمپلینٹ اتھارٹی کے قیام کے حوالے سے ہائی پاور کمیٹی کا پہلا اجلاس ہوا۔ اجلاس ''پروونشل



سی سی پی او لاہور عمر سعید ملک اور سیکرٹری امور متعلقہ اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ریلوے پولیس نے ہفتہ وار فلاحی کارروائیوں کی تفصیلات جاری کر دیں

28 گھر بھائے، گمشدہ بچے اپنے والدین کے حوالے، تقریباً 15 لاکھ 87 ہزار مالیت کا گمشدہ سامان مسافروں کو واپس

لاہور (نیوز رپورٹر) ریلوے پولیس نے ہفتہ وار فلاحی کارروائیوں کی تفصیلات جاری کر دیں۔ 16 سے 22 ستمبر تک 28 گھر سے بھاگے گئے، گمشدہ بچے اپنے والدین کے حوالے کیے گئے۔ 41 مسافروں کو تقریباً 15 لاکھ 87 ہزار مالیت کا گمشدہ سامان واپس کیا گیا۔ معمر افراد اور خواتین سمیت 408 مسافروں کو طبی امداد

10 بڑے شہروں میں ڈینگی وبا بڑھنے کا خدشہ، الرٹ جاری

کراچی، لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی، فیصل آباد، سیالکوٹ، ملتان، حیدرآباد اور لاڑکانہ میں زیادہ خطرہ

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ موسمیات کی جانب سے پاکستان کے 10 بڑے شہروں میں ڈینگی وبا کے بڑھنے کا خدشہ ظاہر کرتے ہوئے الرٹ جاری کر دیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے جاری کردہ الرٹ کے مطابق ستمبر کے شروع سے وبا کے حوالے سے اکتوبر میں بڑھنے کا خدشہ ہے۔ ملک کے 10 بڑے شہروں میں ڈینگی وبا کے خطرات زیادہ ہیں۔ ان شہروں میں کراچی، لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی، فیصل آباد، سیالکوٹ، ملتان، حیدرآباد اور لاڑکانہ شامل ہیں۔ ایک محکمہ

ادویات کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ واپس لیا جائے، جے یو آئی

ٹیکسز میں کمی کا فائدہ صارف کو ہونا چاہیے، مہنگائی کے پیش نظر ادویات کی قیمتوں میں کمی کی جائے، پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) کے نائب امیر حافظ فضل ہادی، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شیخوپورہ، سالار سواد اعظم محمد ہمیت، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لاڑکانہ ڈویژن مولانا محمد ہاشم تھیم اپنی ادویہ ساز فورم سٹی



حماد اظہر کی معروف اینکر سے شادی کی افواہیں، پی ٹی آئی رہنما کی تردید

لاہور سے تعلق رکھنے والی پی ٹی آئی کے یوتھ عہدیدار نے فائن سحابی سے دوسری شادی کرنے کی افواہوں کو مسترد کر دیا

لاہور (این این آئی) سوشل میڈیا پر پاکستان تحریک انصاف پنجاب کے گذشتہ صوبائی وزیر حماد اظہر کی شادی کی خبریں زیر گردش ہیں جس نے صارفین اور تحریک انصاف کے سپورٹرز کو کنفیوس میں ڈال دیا ہے۔ سوشل میڈیا پر پی ٹی آئی رہنما حماد اظہر کی



کے الیکٹرک کی ٹیلس وصولی آرڈیننس کی خلاف ورزی ہے، درخواست گزار کے دلائل

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ میں بجلی کے بلوں میں میونسپل ٹیکس کی وصولی سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی۔ درخواست گزار کے وکیل نے عدالت میں موقف اختیار کیا کہ کے الیکٹرک کے پاس صرف ڈسٹری بیوشن کا لائسنس ہے، کے الیکٹرک ٹیکس وصولی نہیں کر سکتی۔ درخواست گزار

ایبٹ آباد میں 3 خواتین سمیت 4 افراد کو اغوا کرنے والا گروہ گرفتار

ایبٹ آباد (این این آئی) ایبٹ آباد میں 3 خواتین سمیت 4 افراد کو اغوا کرنے والا گروہ گرفتار کر لیا گیا۔ ایبٹ آباد پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے 4 اغوا شدہ افراد بازیاب کرا لیے گئے۔ ملزمان کے قبضے سے اسلحہ بھی برآمد کر لیا گیا۔ ایبٹ آباد پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔

ایبٹ آباد میں 3 خواتین سمیت 4 افراد کو اغوا کرنے والا گروہ گرفتار

ایبٹ آباد (این این آئی) ایبٹ آباد میں 3 خواتین سمیت 4 افراد کو اغوا کرنے والا گروہ گرفتار کر لیا گیا۔ ایبٹ آباد پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے 4 اغوا شدہ افراد بازیاب کرا لیے گئے۔ ملزمان کے قبضے سے اسلحہ بھی برآمد کر لیا گیا۔ ایبٹ آباد پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔

سپریم کورٹ مبارک ثانی کیس کا تفصیلی فیصلہ جاری کرے، مرکزی علماء کونسل

لاہور (این این آئی) چیئرمین مرکزی علما و کونسل پاکستان سید ابوذر مولانا زاہد محمود قاسمی نے کہا کہ سپریم کورٹ مبارک ثانی کیس کا تفصیلی فیصلہ جاری کرے، پاکستان کے سلسلہ صدور پیغمبر ﷺ کی ختم نبوت پر کسی کو ڈکٹا کرانے کی قطعاً اجازت نہیں دے سکتے، عقیدہ ختم نبوت اور دفاع پاکستان کیلئے تمام قوتوں کو متحد ہونے کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تحفظ ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس سے سالمی کونسل تحفظ ختم نبوت کے مرکزی رہنما مولانا اللہ وسایا، مرکزی جنرل سیکرٹری مرکزی علما کونسل مولانا شاہ فاروق سمیت دیگر جید علماء کرام نے بھی خطاب کیا۔

انجینئر امیر مقام کی زیر صدارت کوئٹہ میں افغان مہاجرین کے کنٹریٹ میں اہم اجلاس کا فیصلہ

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ریاستی و سرحدی امور، امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام کی زیر صدارت جمعرات کو کوئٹہ میں افغان مہاجرین کے کنٹریٹ میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے افغان مہاجرین کی کنٹریٹ کے مقاصد کا موثر طریقے سے حاصل کرنے کے لیے وسائل کے زیادہ سے زیادہ استعمال کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ہم اپنی سرحدوں کے اندر بنائے گئے نیٹوں کی حفاظت اور وقار کو یقینی بنانے کے لیے اپنا تعاون جاری رکھیں گے۔

خیبر پختونخوا: بجلی کے 17 میں سے 7 پراجیکٹس مکمل

خیبر پختونخوا حکومت کی جانب سے بجلی ٹرانسمیشن لائن اور رگولیٹری اتھارٹی بنانے کا فیصلہ

پشاور (این این آئی) صوبہ خیبر پختون خوا کی حکومت ٹرانسمیشن لائن اور رگولیٹری اتھارٹی بنانے کا فیصلہ کی جانب سے بجلی سے متعلق شروع کیے گئے 17 میں سے 7 پراجیکٹس مکمل ہو چکے ہیں۔ یہ بات مشیر خزانہ خیبر پختون خوا مجاہد اسلام نے ایک انٹرویو میں بتایا کہ خیبر پختون خوا حکومت کی جانب سے بجلی رگولیٹری اتھارٹی بھی بنائی جا چکی ہے جو کہ

پنجاب: ڈینگی کے مزید 126 مریض رپورٹ، تعداد 1371 سے بڑھ گئی

راولپنڈی سے 107، لاہور سے 6، گوجرانوالہ سے 3 ڈینگی کے 3 کیسز رپورٹ

لاہور (این این آئی) صوبہ پنجاب میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈینگی وائرس کے مزید 126 مریض سامنے آئے۔ محکمہ صحت پنجاب کے ترجمان کے مطابق رواں سال اب تک ڈینگی وائرس کے 1371 کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں۔ تازہ ترین کیسز میں راولپنڈی سے 107، لاہور سے 6، گوجرانوالہ سے 3 کیسز جبکہ فیصل آباد، سرگودھا اور اٹک سے ڈینگی وائرس کے دو دو کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ اسی طرح جہلم، قصور، ملتان

صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں



حکومتوں کے درمیان اعتماد کی عالمی حکرانی کو متاثر کر رہی ہے، ڈاکٹر عابد سلہری

''مستقبل کے معاہدے'' کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیلئے قابل عمل وسائل دیئے جائیں

ویٹو کے اختیار کا استعمال کرتے وقت انسانی سلامتی اولین ترجیح ہونی چاہئے

اسلام آباد (این این آئی) ایگزیکٹو ڈائریکٹر پالیسی اور ہمارے پائیدار ترقی کے سربراہ اور COP29 کے چیف آپریٹنگ آفیسر ڈاکٹر عابد سلہری نے عالمی رہنماؤں پر زور دیا ہے کہ وہ

ڈی ایس پی کی بیٹی کا بورڈ میں ٹاپ، ڈی پی او رفیق اعوان کی جانب سے اعزاز

''مستقبل کے معاہدے'' کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیلئے قابل عمل وسائل دیئے جائیں

ڈینگی کے خلاف آگاہی مہم، ڈی جی خان ڈویژن میں 2 روزہ تعطیل

ڈی جی خان (نیوز رپورٹر) ڈینگی کے خلاف آگاہی مہم، ڈی جی خان ڈویژن میں 2 روزہ تعطیل کا اعلان کر دیا گیا۔ ڈی جی خان ڈویژن میں 28 اور 29 ستمبر کو تعطیل ہوگی۔ ڈی جی خان ڈویژن میں ڈینگی کے 1000 سے زائد کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں۔ ڈی جی خان ڈویژن میں ڈینگی کے خلاف آگاہی مہم کے لیے 2 روزہ تعطیل کا اعلان کیا گیا ہے۔

ڈینگی کے خطرے کے پیش نظر کراچی سمیت مختلف شہروں کیلئے ڈینگی الرٹ جاری

کراچی (این این آئی) محکمہ صحت نے ڈینگی کے خطرے کے پیش نظر کراچی، لاہور، پشاور، راولپنڈی، اسلام آباد، حیدرآباد اور دیگر شہروں کے لیے ڈینگی الرٹ جاری کر دیا۔ محکمہ صحت نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ مون سون کے بعد کے موسم میں ڈینگی پھیلنے کا وارننگ دی گئی ہے۔ موسمی حالات، جن میں زیادہ دن دھوپ اور بارش شامل ہیں،

فرانسیسی وایرانی صدر کی نیویارک میں اہم ملاقات

نیویارک (این این آئی) فرانس کے صدر ایمانویل ماکرون نے منگل کے روز نیویارک میں ایران کے منصوب مسعود پزشکیان سے ملاقات کی۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے سربراہی اجلاس کے حاشیہ میں ہونے والی ملاقات میں ماکرون نے پزشکیان پر زور دیا کہ تہران مشرق وسطیٰ میں حالات پر سکون بنانے کے لیے اپنا رسوخ استعمال کرے۔ ماکرون نے روس کو عسکری سپورٹ پیش کرنے پر پزشکیان کو خبردار کیا۔ فرانسیسی ایوان صدارت نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ اجلاس

اسرائیلی حملوں سے عوام اسرائیل کے خلاف ہوئے ہیں حزب اللہ کے نہیں، رکن پارلیمنٹ

ہم سب سمجھتے ہیں کہ اسرائیل ہم سب کو نشانہ بنا رہا ہے اور ہم اس کے ظلم کا شکار ہیں، مارک داد کی گفتگو

لبنان (این این آئی) لبنان پر اسرائیلی بمباری اور حملوں کے نتیجے میں لبنانی عوام ایرانی قیادت کو موردِ الزام ٹھہرا رہے ہیں۔ اس بات کا اظہار لبنان کی رکن پارلیمان مارک داد نے کیا ہے۔ مارک داد نے کہا کہ ماضی میں حمایت میں اضافہ ہونے لگا ہے۔ اس بات کا اظہار اسرائیل نے حزب اللہ کی آڑ میں لبنان پر حملے کے



لاہور، وزیر لائیو سٹاک و زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ضلع کورنگی کا تھانہ زمان ٹاؤن عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے بجائے چوروں کا ساتھی بن گیا

چوری کی خلاف درخواست دینے والے شہری سے پیسوں کا مطالبہ، متاثرہ شہری ایک افسر سے دوسرے افسر کے دفتر کے چکر لگا رہا ہے

کراچی (این این آئی) ضلع کورنگی کا تھانہ زمان ٹاؤن عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے بجائے چوروں کا ساتھی بن گیا، چوری کے خلاف درخواست دینے والے شہری سے پیسوں کا مطالبہ،



پولیس افسر پھولوں میں شہید کا شکیل طاہر رضا شاہ کی نماز جنازہ ادا کرنے کے بعد افسران شہید کے جسد خاکی پر پھول رکھ رہے ہیں